**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

مورخہ 03.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | جاپان نے انفراسٹرکچر کی ترقی کیلئے بلوچستان کو خصوصی مدد فراہم کی، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کوئٹہ شاہوانی اسٹیڈیم میں سیاسی جلسے کے بعد خودکش حملہ 14 افراد جاں بحق، 33 شدید زخمی، زخمیوں کی بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بھارت نے آبی جارحیت کر کے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، صادق عمرانی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | زخمیوں کے علاج میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | ترقی کے اہداف کا حصول خواتین کی معاشی شمولیت سے مشروط ہے، ربابہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ژکی میں 1122 ایمرجنسی سینٹر کے قیام کی منظوری دیدی گئی 45 کروڑ لاگت آئیگی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | عید میلاد النبی ﷺ پر عوام کی جان ومال کا تحفظ، سہولیات کی فراہمی یقینی بنائینگے، ڈی سی کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | کوئٹہ اور بلوچستان بھر میں افغان پناہ گزینوں کی موبائل سمز بند | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پرائس کنٹرول کے تحت کارروائیاں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | عوام ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے استعمال سے گریز کریں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | پاکستان اور قازقستان کا گوادر، کراچی بندرگاہوں پر مشترکہ منصوبوں پر اتفاق | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، ڈاکٹر مالک | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | سیاسی جلسے کے اختتام پر دھماکا سیاسی جمہوری قوتوں پر حملہ ہے، سیاسی جماعتیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | اسپیکر نے گوادر میں پانی کے منصوبوں کی تفصیلات طلب کرلیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | تاجر برادری آٹے اور چینی کی ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں، قاری مہراللہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح ہوگیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | خواتین کی انتخابی عمل میں شرکت، یونیورسٹیاں کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں، صوبائی الیکشن کمشنر | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

سریاب روڈ پر دھماکہ پولیس اہلکار سمیت 14 افراد جاں بحق 30 سے زائد زخمی، بلوچستان بھر میں فائرنگ وحادثات کے نتیجے میں 8 افراد ہلاک دو زخمی، سبی سے نعش ملی نوشکی میں ڈگری کالج کا ملازم قتل، سابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ کیو ڈی اے کیخلاف مقدمہ درج

## عوامی مسائل:

کوئٹہ ومستونگ میں نوجوانوں کے خطرناک سائیکلنگ، بکلی تمبرانی کا ٹیوب ویل چھ ماہ سے خراب علاقہ مکین پانی کی بوند کو ترس گئے۔

CS CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 03.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سیلاب کا خطرہ ،حکومتی سطح پر ہنگامی اقدامات اٹھانے کی ضرورت!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ دریائے سندھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کی صورت میں بلوچستان کے اضلاع جعفرآباد، اوستہ محمد اور صحبت پور میں سیلاب آنے کا خطرہ ہے، صوبائی حکومت نے محکمہ آب پاشی کو الرٹ جاری کر دیا 16 مختلف علاقوں میں فلڈ کنٹرول سینٹرز قائم کئے گئے ہیں ڈی جی پی ڈی ایم اے نے صورتحال کو مانیٹر کرنے کیلئے نصیرآباد میں کیمپ آفس قائم کرلیا یہ بات صوبائی وزیر آبپاشی صادق عمرانی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ میں پانی کی سطح بلند ہونے کی صورت میں دو اور تین ستمبر کو سیلاب کا پانی بلوچستان میں داخل ہونے کا امکان ہے جس سے صوبے کے علاقے جعفرآباد، روجھان جمالی، اوستہ محمد اور صحبت پور کے زیرآب آنے کا خدشہ ہے صادق عمرانی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت سندھ حکومت کے ساتھ مکمل رابطے میں ہے اور صورتحال پر نظر رکھی ہوئی ہے محکمہ آبپاشی نے 16 مختلف اضلاع میں فلڈ کنٹرول سینٹرز قائم کر کے اپنے انتظامات مکمل کرلئے ہیں ان کیمپس میں ضروری مشینری منتقل کردی گئی ہے دوسری جانب ڈی جی پی ڈی ایم اے جہان زیب خان نے بتایا کہ ممکنہ سیلاب کے پیش نظر میں نے اپنا کیمپ نصیرآباد میں قائم کرلیا ہے سندھ سے ملحقہ تینوں اضلاع میں محفوظ مقامات کی نشاندھی کرلی ہے جہاں کیمپ قائم کئے جارہے ہیں بلوچستان میں اس سے قبل بھی سیلاب سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصانات ہوئے تھے کھڑی فصلیں تباہ ہوگئیں تھی اس آفت سے بڑی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے کافی بے گھر ہوئے انہیں مجبوراً نقل مکانی کرنا پڑا جبکہ بعض خیموں میں زندگی گزارنے پر مجبور ہوئے۔

**اداریے :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کی فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان حکومت کا تعلیم وصحت کے شعبوں کی بہتری کیلئے اقدامات ،عوامی ترقی وخوشحالی ترجیح** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Prevailing uncertainty" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون :**

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**اپنی جماعتوں سے نالاں سیاسی کارکن سراپا احتجاج بن گئے** " کے عنوان سے رضا الرحمان نے مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**ایف اے او کی کوششیں اور بلوچستان کے مالداروں کا بدلتا شعور**" کے عنوان سے صدیق موسیانی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated 03 SEP 2025 Page No. 1


# جاپان نے انفراسٹرکچر کی ترقی کیلئے بلوچستان کو خصوصی مدد فراہم کی، جعفر مندوخیل

**ایک طرف جاپان جدید ٹیکنالوجی سے دنیا کو روشن کر رہا ہے تو دوسری جانب وہ انسانیت کی خدمت میں بھی سرگرم ہے، گفتگو**

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ پاکستان اور جاپان وقت کے ساتھ ساتھ قریبی خوشگوار تعلقات کو فروغ دے رہے ہیں اور بلوچستان کے لوگ اپنے ذہنوں میں جاپانیوں کیلئے خصوصی احترام رکھتے ہیں۔ ایک طرف اگر جاپان جدید ترین ٹیکنالوجی سے دنیا کو روشن کر رہا ہے تو دوسری جانب وہ انسانیت کی خدمت میں بھی سرگرم عمل ہے۔ جاپان نے قدرتی آفات اور انفراسٹرکچر کی ترقی کے حوالے سے بلوچستان کے عوام کو خصوصی مدد فراہم کی ہے۔ قابل ذکر تعاون اور شراکت میں ڈی جی خان رکنی بارکھان روڈ، فورٹ منرو میں دنیا کے دوسرے بڑے اسٹیل پل کی تعمیر، وڈھ خضدار کراچی روڈ کی تعمیر، کوئٹہ شہر میں گونگے اور بہرے بچوں کیلئے خصوصی تعلیمی ادارے کا قیام وغیرہ شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ اور ڈائریکٹر جاپان قونصلیٹ اسرار عدیل سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن کا سیکٹر تیزی سے ترقی کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں جاپان کا تجربہ اور ٹیکنالوجی بہتر مدد اور رہنمائی فراہم کر سکتی ہے۔ یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کیلئے اسکالرشپ اور خاص طور پر جاپانی انڈسٹریز اور بلوچستان کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے درمیان تعاون و رہنمائی سے پورے صوبے کی معیشت اور ایجوکیشن پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ بلوچستان ایک طویل ساحلی پٹی پر فخر کرتا ہے جو ماہی گیری کی ترقی میں جاپانی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع فراہم کر سکتا ہے۔



کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے اعزازی قونصل جنرل جاپان سید ندیم شاہ ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

# پاکستان اور جاپان قریبی اور خوشگوار تعلقات کو فروغ دے رہے ہیں، گورنر

**جاپان جدید ترین ٹیکنالوجی سے دنیا کو روشن اور دوسری جانب مشکل کے وقت وہ انسانیت کی خدمت میں بھی سرگرم عمل ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل**

**بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن کا سیکٹر تیزی سے ترقی کی جانب گامزن، اس سلسلے میں جاپان کا تجربہ اور ٹیکنالوجی بہتر مدد اور رہنمائی فراہم کر سکتے ہیں**

**ہم جاپانی سرمایہ کاری کا گرمجوشی سے خیر مقدم کرتے ہیں، جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ اور ڈائریکٹر قونصلیٹ اسرار عدیل سے گفتگو**

کوئٹہ (ن ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ پاکستان اور جاپان وقت کے ساتھ ساتھ قریبی خوشگوار تعلقات کو فروغ دے رہے ہیں اور بلوچستان کے لوگ اپنے ذہنوں میں جاپانیوں کیلئے خصوصی احترام رکھتے ہیں۔ ایک طرف اگر جاپان جدید ترین ٹیکنالوجی سے دنیا کو روشن کر رہا ہے تو دوسری جانب جاپان مشکل کے وقت وہ انسانیت کی خدمت میں بھی سرگرم عمل ہے۔ جاپان نے قدرتی آفات اور انفراسٹرکچر کی ترقی کے حوالے سے بلوچستان کے عوام کو خصوصی مدد فراہم کی ہے۔ قابل ذکر تعاون اور شراکت میں ڈی جی خان رکنی بارکھان روڈ، فورٹ منرو میں دنیا کے دوسرے بڑے اسٹیل پل کی تعمیر، وڈھ خضدار روڈ کی تعمیر، کوئٹہ میٹرو پولیٹن کارپوریشن کیلئے ایکسکاویٹرز اینڈ کنٹینرز، بولان میڈیکل ہسپتال کو جدید طبی آلات کا عطیہ، ٹیچرز اسسٹنٹ کو بڑھانے کا پروگرام اور کوئٹہ شہر میں گونگے اور بہرے بچوں کیلئے خصوصی تعلیمی ادارے کا قیام وغیرہ شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم شاہ اور ڈائریکٹر جاپان قونصلیٹ اسرار عدیل سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن کا سیکٹر تیزی سے ترقی کر رہا ہے اس سلسلے میں جاپانی تجربہ اور ٹیکنالوجی بہتر مدد اور رہنمائی فراہم کر سکتے ہیں یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کیلئے اسکالرشپ اور خاص طور پر جاپانی انڈسٹریز اور بلوچستان کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے درمیان تعاون و رہنمائی سے پورے صوبے کی معیشت اور ایجوکیشن پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ گوادر سے ژوب تک بلوچستان بھر میں جاپانی سرمایہ کاروں کی سرمایہ کاری کیلئے منافع بخش مواقع منتظر ہیں ہم جاپانی سرمایہ کاری کا گرمجوشی سے خیر مقدم کرتے ہیں اور انہیں دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہیں موجودہ حکومت تمام سرمایہ کاروں کو ہر ممکن تحفظ فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک طویل ساحلی پٹی پر فخر کرتا ہے جو ماہی گیری کی ترقی میں جاپانی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع فراہم کر سکتا ہے کوسٹل بیلٹ پر فشریز کی ترقی کے وسیع امکانات ہیں۔ فشریز کے شعبہ میں جاپان کی سرمایہ کاری سے ہم کئی ممالک کی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہو جائیں گے جس سے صوبے کا معاشی نظام مضبوط اور مستحکم ہوگا۔



گورنر جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن خاران کے صدر غلام سرور بلوچ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPI[NG]

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلی[ٰ]
حکومت [بلوچستان]

Da[te]

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 | بدھ 9 ربیع الاوّل 1447ھ، 3 ستمبر 2025ء | نمبر 241

# کوئٹہ: شاہوانی اسٹیڈیم میں سیاسی جلسے کے بعد خودکش حملہ، 14 افراد جاں بحق، 33 شدید زخمی

زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، گورنر، وزیراعلیٰ

[حملہ آ]ور نے اختر مینگل، محمود اچکزئی اور دیگر قائدین کی گاڑیوں کے قریب خود کو اڑا لیا، زخمیوں میں سابق ایم پی اے احمد نواز بھی شامل، 12 گاڑیوں کو شدید نقصان پہنچا

قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے، دھماکے کے بعد بھگدڑ، لوگ اپنے پیاروں کو پکارتے رہے، امن سبوتاژ کرنے والوں کے عزائم خاک میں ملائیں گے، جعفر مندوخیل، سرفراز بگٹی

[کوئٹہ] (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ پر [شاہوانی اس]ٹیڈیم کے قریب خودکش حملے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 14 افراد جاں بحق، سابق ایم پی اے سمیت 33 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ مختلف سیاسی جماعتوں کی قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ دھماکے میں سابق سینیٹر کی گاڑی سمیت ایک درجن گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا۔ دھماکے کی اطلاع پر ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کرکے ڈاکٹرز اور عملہ طلب کر لیا گیا۔ گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے۔ دھماکے کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق سریاب روڈ پر شاہوانی اسٹیڈیم میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے کے اختتام پر بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، پشتونخوا میپ کے مرکزی چیئرمین محمود خان اچکزئی، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما کبیر محمد شہی اور کارکن گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر واپس جا رہے تھے قبرستان کے قریب ایک خودکش حملہ آور نے ان سیاسی رہنماؤں کی گاڑیوں کے قریب آ کر خود کو اڑا لیا۔ جس کے نتیجے میں انچل براہوئی کے اہلکار سمیت 11 افراد موقع پر ہی جاں بحق جبکہ سابق ایم پی اے احمد نواز سمیت 35 سے زائد افراد شدید زخمی ہو گئے تاہم سیاسی قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ دھماکے کے بعد بھگدڑ مچ گئی۔ لوگ اپنے پیاروں کو پکارتے رہے۔ اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز، پولیس، سی ٹی ڈی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور لاشوں اور زخمیوں کو سول ہسپتال اور بی ایم سی منتقل کیا۔ دھماکے کے باعث سابق سینیٹر کبیر محمد شہی کی گاڑی سمیت ایک درجن گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی سرکاری ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو فوری طور پر طلب کر لیا گیا۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت بلوچستان نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ نہتے شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے سفاک دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ عوام کے جان و مال کی حفاظت حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور قومی اتحاد و اتفاق سے ہم صوبے کی پرامن صورتحال کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملائیں گے۔ گورنر بلوچستان نے تمام زخمیوں کو فوری طور پر بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ جلد از جلد ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لائیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے جس کا مقصد صوبے میں خوف و ہراس پھیلانا اور پرامن شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا ہے۔ یہاں جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر معصوم شہریوں کے خون سے کھیل رہے ہیں لیکن ان کے ناپاک عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ نے واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کی دعا کی اور شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے صوبائی وزیر صحت اور محکمہ صحت کے حکام کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ہسپتالوں میں ہنگامی صورتحال کے تحت کسی بھی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے دھماکے کی اعلیٰ سطح پر تحقیقات کا حکم دے دیا ہے اور اس مقصد کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے جو واقعہ کے محرکات اور ذمہ داران کا تعین کر کے رپورٹ پیش کرے گی۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیئے ہیں اور ملوث عناصر کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات جاری رکھیں گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔

## صوبے کے کسی حصے کو محرومی کا شکار نہیں رہنے دیا جائے گا

یکساں ترقی نصب العین، سرفراز بگٹی

اپنے قدرتی وسائل کو عالمی سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بروئے کار لانے کا عزم کیا ہے تاکہ صوبے کی تقدیر بدلی جا سکے، وزیر اعلیٰ

کربلا میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال، نیا انٹر کالج بنانے، کربلا کو تحصیل کا درجہ دینے، حرمزئی، سرانان اور کربلا کو 50 کروڑ کا ترقیاتی پیکیج دینے کا اعلان

کوئٹہ/پشین (خ ن/نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی ہمارا عزم ہے عوامی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور صوبے کے کسی حصے کو محرومی کا شکار نہیں رہنے دیا جائے گا مسلم لیگ کو رکن صوبائی اسمبلی ظفر آغا کی دعوت پر پشین کے علاقے کربلا میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ آج میں کربلا آیا ہوں پشین کے بیشتر علاقوں کا دورہ کر چکا تھا مگر یہاں آ کر دل کی گہری مسرت ہوئی بلوچستان کے مسائل سنگین اور وسائل محدود ہیں لیکن ہم نے عزم کیا ہے کہ اپنے قدرتی وسائل کو عالمی سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بروئے کار لائیں تاکہ صوبے کی تقدیر بدلی جا سکے انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر بے بنیاد پراپیگنڈہ کیا جا رہا ہے بلوچستان کے وسائل پر کسی کو عوام کی مرضی کے بغیر اختیار نہیں دیا جائے گا یہ ایکٹ دوبارہ اسمبلی میں لا کر اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اتفاق رائے سے منظور کیا جائے گا اور صوبے کے حقوق کا ہر حال میں تحفظ کیا جائے گا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کربلا اور گرد و نواح کے عوام کے لیے اہم ترقیاتی اقدامات کا اعلان کیا انہوں نے اعلان کیا کہ کربلا کو تحصیل کا درجہ دیا جائے گا کربلا کے ہسپتال کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بنایا جائے گا اور اسے انڈس ہسپتال کے انتظام کے تحت چلایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرے لیے اپوزیشن اور حکومت کی تفریق معنی نہیں رکھتی بلکہ بلوچستان میری ترجیح ہے بلوچستان کے نوجوانوں کو بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے تحت دنیا کی دو سو جامعات میں تعلیم کے مواقع دیے جا رہے ہیں تاکہ وہ جدید علوم کے ذریعے صوبے اور ملک کی خدمت کر سکیں نوجوان اس سے استفادہ کریں۔ اجتماع سے رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر علی آغا، اصغر خان ترین نے بھی خطاب کیا جبکہ صوبائی وزیر وزراء X بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، اراکین اسمبلی ملک نعیم خان بازئی، زرک مندوخیل، اپوزیشن لیڈر آف اپوزیشن میر یونس عزیز زہری و دیگر بھی موجود تھے۔



پشین: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کربلا میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

روزنامہ جنگ

بانی: میر خلیل الرحمٰن

Bullet No. 1

بدھ 9 ربیع الاول 1447ھ 3 ستمبر 2025ء

Page No. 3

# حکومت مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر اب بھی بات چیت کیلئے تیار ہے، سرفراز بگٹی

## پارلیمنٹ کا مسئلہ پارلیمان میں ہی حل ہونا چاہئے

جب ایکٹ منظور ہوا ایوان میں مکمل اتفاق رائے تھا، ہوسکتا ہے اس کو پڑھتے وقت یا سمجھنے کی غلطی ہوئی ہو اور اسے سیاست کی نظر کیا گیا

**میری ٹیشنل پارٹی، جمعیت اور دیگر سیاسی زعماء سے اس حوالے سے بات ہوئی ہے، بلوچستان کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کے حقوق ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم ہیں ان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ جب اسمبلی فلور پر آیا تھا تو ہم نے اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی اور اس وقت اس ایوان میں مکمل اتفاق رائے تھا، حکومت اب بھی ایکٹ پر بات چیت کے لئے تیار ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو بلوچستان اسمبلی میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ جب اسمبلی فلور پر آیا تھا تو ہم نے اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی اور اس وقت اس ایوان میں مکمل اتفاق رائے تھا، اس کے بعد جب اس کو پڑھا گیا تو ہوسکتا ہے کہ کچھ پڑھنے یا سمجھنے کی غلطی ہوئی ہو اور اس کو سیاست کی نظر کیا گیا، جو جماعتیں اس ایوان میں نہیں وہ بھی عدالت گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری ٹیشنل پارٹی، جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں اور دیگر سیاسی زعماء سے اس حوالہ سے بات ہوئی ہے، حکومت اس ایکٹ پر بات چیت کے لئے تیار ہے، بجائے اس کے کہ یہ مسئلہ کہیں اور حل ہو یہ پارلیمنٹ کا مسئلہ ہے اور پارلیمنٹ کے مسئلہ پارلیمان ہی میں حل کیا جائے یہ ایوان سپریم ادارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اس معاملے پر ڈائیلاگ کا سلسلہ شروع کیا جائے اس سلسلے میں مائنز اونرز، مائنز اینڈ منرلز ڈیپارٹمنٹ کے حکام اور سیاسی جماعتیں اپنی تجاویز دیں اور جہاں جہاں ان کے تحفظات ہیں اس پر حکومت بات چیت کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر اس معاملہ پر لیڈ لیں وہ سیاسی جماعتیں اور شخصیات جو عدالت گئی ہیں ان کو بھی دعوت دیتے ہیں کہ وہ اگر اس معاملہ پر حکومت سے بات کرنا چاہتے ہیں حکومت بات چیت کیلئے تیار ہے۔ بلوچستان کے لوگوں کے حقوق ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم ہیں ان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کے حقوق پر سمجھوتہ کیا گیا ہے وہ آئیں اور ہمارے ساتھ بیٹھیں ہم ان کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں اگر کوئی کمیٹی بنانا چاہتے ہیں حکومت اس کیلئے بھی تیار ہے تاکہ ایکٹ میں بہتری لا کر دوبارہ اس کو اسمبلی سے منظور کیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر دوبارہ اتفاق رائے قائم کرنے کیلئے مذاکرات کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس سلسلے میں اپوزیشن کے دوستوں سے بات چیت کریں گے۔

# جمعیت کے رہنماؤں کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائیگا، وزیراعلیٰ بگٹی

**سردار علی محمد قلندرانی کے تین بیٹے پہلے ہی لاپتہ ہیں، اب پھر ایک بیٹا کراچی سے اٹھالیا گیا ہے**

سردارزادہ یوسف قلندرانی کو بازیاب کرایا جائے، اگر اس پر کوئی الزام ہے تو عدالت میں پیش کیا جائے، یونس زہری

**شیخ محمد بن زید انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ کا مسودہ قانون منظور، ری سائیکلنگ آف شپس کا مسودہ قائمہ کمیٹی کے سپرد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ لوگوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، جمعیت کے رہنماؤں کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس منگل کو 40 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت کے رہنما سردار علی محمد قلندرانی کے بیٹے کو کراچی سے اٹھایا گیا، اس سے قبل سردار علی محمد قلندرانی کے تین صاحبزادے 15 سال سے لاپتہ ہیں اور ان کے بارے میں کچھ علم نہیں کہ وہ کہاں ہیں اب ان کے نوجوان بیٹے کو اٹھایا گیا سردارزادہ یوسف قلندرانی کو بازیاب کرایا جائے اگر اس پر کوئی الزام ہے تو عدالت میں پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل صوبے کے مختلف علاقوں میں ہماری جماعت کے کئی رہنماؤں کو شہید کیا جاچکا ہے لیکن قاتل گرفتار نہیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا قصور ہے کہ ہم آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہیں۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے رکن اسمبلی آغا عمر احمد زئی نے کہا کہ ہم نے گزشتہ روز سردار علی محمد قلندرانی کے ساتھ مل کر وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کی، ملاقات میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے یقین دہانی کرائی ہے، انہوں نے کہا کہ اگر سردارزادہ یوسف قلندرانی پر کوئی الزام ہے تو ان کو عدالت میں پیش کیا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان کی گزشتہ روز سردار علی محمد قلندرانی سے ملاقات ہوئی، ہم حکومت سندھ سے رابطہ میں ہیں یہ خیال کرنا کہ سردارزادہ یوسف قلندرانی کو کس نے اغوا کیا درست نہیں، ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت بدامنی کی لہر ہے جمعیت کے رہنما مولانا صدیق کے قتل میں ملوث ملزمان کو حکومت نے گرفتار کیا لوگوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، اپوزیشن لیڈر نے جن واقعات کا ذکر کیا ہے ان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے گا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی زابد علی ریکی نے تجویز دیتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی علی مدد جتک کو وزیر داخلہ کا قلمدان تفویض کیا جائے جس پر اسپیکر نے کہا کہ یہ آپ کی تجویز ہوسکتی ہے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے تحریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ شیخ محمد بن زید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ کا مسودہ قانون مصدرہ 2025 (مسودہ قانون نمبر 25 مصدرہ 2025) کو مجلس کی سفارشات کے بموجب منظور کیا جائے، جسے ایوان نے منظور کرلیا۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

# وزیراعلیٰ نے دورہ لاہور منسوخ کردیا

## رات گئے تک صورتحال کا جائزہ لیتے رہے

کوئٹہ (ج ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے کے واقعے کی اطلاع ملتے ہی اپنا دورہ لاہور منسوخ کردیا اور فوری طور پر کوئٹہ ایئرپورٹ سے واپس وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ پہنچ گئے انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان کو واقعے کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے رپورٹ طلب کرلی وزیراعلیٰ نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام کو اسپتال پہنچ کر تمام تر صورتحال کی ذاتی طور پر نگرانی کی ہدایت کی جبکہ سی ایم ایچ میں بھی ضروری انتظامات یقینی بنانے پر زور دیا ان کی ہدایت پر چھ زخمیوں کو علاج کے لیے سی ایم ایچ منتقل کیا گیا اور اسپتالوں میں سیکیورٹی کو مزید موثر بنانے کے اقدامات بھی کیے گئے وزیراعلیٰ بلوچستان رات گئے تک صورتحال کا خود جائزہ لیتے رہے اور صوبائی وزیر صحت سے زخمیوں کے علاج معالجے اور طبی سہولیات کے بارے میں مسلسل آگاہی حاصل کرتے رہے۔

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
جلد 54 | شمارہ 09 | 1447ھ | 2025ء | صفحات 59
BC-m-11 | قیمت 35 روپے



بلیچن: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی کربلا کے دورے کے موقع پر عوامی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

# مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام سیاسی جماعتوں کو ڈائیلاگ کی دعوت، عوام کے حقوق سلب نہیں ہونے دینگے وزیراعلیٰ

ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا، لیکن وہ جماعتیں جو اس ایوان کا حصہ نہیں ہیں کورٹ میں چلی گئیں جس کے بعد میں مائنز اینڈ منرلز بل سیاست کی نذر ہو گیا، میر سرفراز بگٹی

مسائل پارلیمنٹ میں حل ہونے چاہئیں، اپوزیشن لیڈر تاریخ دیں سیاسی جماعتیں اور مائنز ایسوسی ایشن کے نمائندے محکمہ معدنیات کے آفیسران اس پر بیٹھ کر بحث کریں، اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال

بلوچستان کے وسائل پر کسی کو عوام کی مرضی کے بغیر اختیار نہیں دینگے یہ ایکٹ دوبارہ اسمبلی میں اگر اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اتفاق رائے سے منظور کیا جائے گا، بلیچن میں جلسے سے خطاب

ڈائیلاگ کی دعوت سیاسی بلوغت کا مظہر اور صوبے کے مفاد میں اہم فیصلہ، خیر مقدم کرتے ہیں، اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اعلان کو خوش آئند قرار دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام سیاسی جماعتوں کو ڈائیلاگ کی دعوت دیتے ہوئے سب کو اعتماد میں لینے کا اعلان کر دیا، اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیراعلیٰ کی جانب سے ڈائیلاگ کی دعوت کا خیر مقدم کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا لیکن بعد میں مائنز اینڈ منرلز بل سیاست کی نذر ہو گیا وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ وہ ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

جماعتیں جو اس ایوان کا حصہ نہیں وہ کورٹ میں چلی گئیں ہم ڈائیلاگ کیلئے تیار ہیں بجائے اس کے کہ یہ معاملات کہیں اور حل ہوں انہوں نے کہا کہ یہ پارلیمنٹ کے مسئلے ہیں یہ پارلیمنٹ میں حل ہونا چاہیے پارلیمنٹ ہی سپریم ادارہ ہے سیاسی جماعتوں اور مائنز ایسوسی ایشن کے نمائندے محکمہ معدنیات کے آفیسران اس پر بیٹھ کر بحث کریں جس کیلئے اپوزیشن لیڈر تاریخ دیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ہم مائنز اینڈ منرلز بل پر سب کو اعتماد میں لیں گے صوبے کے عوام کے حقوق سلب ہونے نہیں دیں گے۔ اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈائیلاگ کی دعوت سیاسی بلوغت کا مظہر ہے اور صوبے کے مفاد میں اہم فیصلہ ہے۔

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی [illegible] عوامی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور صوبے کے کسی حصے کو [illegible] نہیں رکھا جائے گا [illegible] اسمبلی ظفر آغا کی دعوت پر بلیچن کے علاقے کربلا میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ [illegible] بلیچن کے [illegible] بلوچستان کے مسائل [illegible] ہیں لیکن ہم نے ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

عزم کیا ہے کہ اپنے قدرتی وسائل کو [illegible] جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے [illegible] بلوچستان کے وسائل پر کسی کو عوام کی مرضی کے بغیر اختیار نہیں دیں گے یہ ایکٹ دوبارہ اسمبلی میں اگر اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اتفاق رائے سے منظور کیا جائے گا اور صوبے کے حقوق کا ہر حال میں تحفظ کیا جائے گا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کربلا اور بلیچن کے عوام کے لیے اہم ترقیاتی اقدامات کا اعلان کیا انہوں نے اعلان کیا کہ کربلا کو تحصیل کا درجہ دیا جائے گا کربلا کے ہسپتال کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بنایا جائے گا [illegible] ہسپتال کے انتظام [illegible] چلایا جائے گا [illegible] 10 کلومیٹر سڑک تعمیر کی جائے گی [illegible] توانائی کے منصوبے لگائے جائیں گے [illegible] کالج قائم کیا جائے گا [illegible] شامل کرتے ہوئے 50 کروڑ روپے مالیت کا ترقیاتی پیکج دیا جائے گا [illegible] وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ [illegible] اپوزیشن اور حکومت کی تفریق [illegible] بلوچستان کی ترقی [illegible] بلوچستان کے نوجوانوں کو [illegible] پروگرام کے تحت دنیا کی [illegible] جامعات میں تعلیم کے مواقع دیے جا رہے ہیں تاکہ [illegible] صوبے اور ملک کی خدمت کر سکیں نوجوان ان سے استفادہ کریں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور عوامی خدمت ہے اور ہم اسی عزم پر قائم ہیں [illegible] اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی میر ظفر علی آغا، اصغر خان ترین نے بھی خطاب کیا [illegible] رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی [illegible] اپوزیشن میر یونس عزیز زہری [illegible] بھی موجود تھے

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر صوبائی وزیر کا دورہ نصیر آباد

صادق عمرانی نے بلوچستان کے علاقوں میں ممکنہ سیلابی صورتحال کا جائزہ لیا

سندھ بلوچستان مشاورت سے میدانی علاقوں میں کٹ لگائے جائیں گے

نصیر آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے احکامات کی روشنی میں پنجاب اور سندھ کے دریاؤں میں سیلابی صورتحال کو مدنظر رکھ کر بلوچستان کے علاقوں میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے جائزے کے لیے صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے نصیر آباد ڈویژن کا دورہ کیا دورے کے موقع پر انہوں نے ممکنہ سیلابی صورتحال اور کیے گئے حکومتی ا...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

اقدامات کے حوالے سے کمشنر آفس میں اجلاس کی صدارت کی اجلاس میں صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ رکن صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی صوبائی سیکرٹری آبپاشی صالح محمد ناصر، کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حسین احمد خان کاکڑ ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر استا محمد عبدالرزاق خان، پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر بلال صادق عمرانی، چیف انجینئر کنال ناصر مجید، سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن غلام سرور منگوئی، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال فرید احمد چندرانی، ڈائریکٹر پٹ فیڈر کینال عتیق الرحمن، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ ڈاکٹر امین مندوخیل، ایگزیکٹو انجینئر ایریگیشن ذبیح گل حسن کھوسہ، ایگزیکٹو انجینئر کھیرتھر کینال غلام محمد بادینی، ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالمنان لانگو، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت نصیر عمرانی سمیت دیگر افسران موجود تھے

## وزیراعلیٰ نے مجبور باپ کی بچی کے علاج کی فریاد سن لی

کسی معصوم بچے یا غریب خاندان کو اکیلا نہیں چھوڑا جائے گا، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے ننھی بیمار بچی کے علاج کے لیے فریاد کرنے والے والد کی اپیل پر فوری ایکشن ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

لیتے ہوئے متاثرہ خاندان کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ مدعو کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ نے والد اور بچی سے ملاقات کی، والد کو حوصلہ دیا اور نقد مالی امداد بھی فراہم کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بچوں کی مسکراہٹ ہی اصل خوشی ہے بی بی مروہ کا علاج حکومت بلوچستان کے ذمے ہے ہم ہر ممکن معاونت کریں گے تاکہ معصوم بچی صحت مند زندگی گزار سکے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 260 بدھ، 9 ربیع الاول، 3 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# حکومت مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر بات چیت کیلئے تیار ہے، وزیراعلیٰ

## ایکٹ جب اسمبلی آیا تو مکمل اتفاق رائے تھا، سرفراز بگٹی، پیش کش کا خیر مقدم، دوستوں سے بات کریں گے، اپوزیشن لیڈر

## لوگوں کا تحفظ حکومتی ذمہ داری، جمیعت کے رہنماؤں کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائیگا، وزیراعلیٰ کا اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا (باقی صفحہ 5 نمبر21)

جائے گا، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ جب اسمبلی فلور پر آیا تھا تو ہم نے اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی اور اس وقت اس ایوان میں مکمل اتفاق رائے تھا، حکومت اب بھی ایکٹ پر بات چیت کیلئے تیار ہے۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ جب اسمبلی فلور پر آیا تھا تو ہم نے اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کی اور اس وقت اس ایوان میں مکمل اتفاق رائے تھا، اس کے بعد جب اس کو پڑھا گیا تو ہوسکتا ہے کہ کچھ پڑھنے یا سمجھنے کی غلطی ہوئی ہو اور اس کو سیاست کی نذر کیا گیا، جو جماعتیں اس ایوان میں نہیں وہ بھی عدالت گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ بلوچستان کے لوگوں کے حقوق پر سمجھوتہ کیا گیا ہے وہ آئیں اور ہمارے ساتھ بیٹھیں، ہم ان کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں اگر کوئی کمیٹی بنانا چاہتے ہیں حکومت اس کیلئے بھی تیار ہے تاکہ ایکٹ میں بہتری لاکر دوبارہ اس کو اسمبلی سے منظور کیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر دوبارہ اتفاق رائے قائم کرنے کیلئے مذاکرات کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس سلسلے میں اپوزیشن کے دوستوں سے بات چیت کریں گے۔ صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر مائنز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے ملاقات میں ان سے تجاویز طلب کرکے وزیراعلیٰ بلوچستان کو ارسال کی گئی ہیں تاہم اب انہوں نے اسمبلی فلور پر تمام اسٹیک ہولڈرز اور سیاسی جماعتوں کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، جس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ جمیعت علماء اسلام کے رکن اصغر علی ترین نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے حوالے سے کافی حد تک اتفاق رائے قائم ہوا تھا تاہم چند ایسے نکات ہیں جن پر خدشات سامنے آئے ہیں، انہوں نے وزیراعلیٰ کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی کے اندر اور باہر موجود سیاسی جماعتوں، مائنز اونرز ایسوسی ایشن کے ساتھ مل بیٹھ کر اس معاملہ پر اتفاق رائے قائم کریں گے۔ پیپلز پارٹی کے رکن اسفندیار کاکڑ نے کہا کہ جب تک اس معاملہ پر مذاکرات نہیں ہوتے زوب، تحصیل عبداللہ، اشین، تحصیل سیف اللہ میں معدنیات نکالنے کیلئے ہونے والے ٹینڈر منسوخ کیے جائیں۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ لوگوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری (باقی صفحہ 5 نمبر22)

ہے، جمیعت کے رہنماؤں کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس منگل کو 40 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا اجلاس میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جمیعت علماء اسلام کے رہنما سردار علی محمد قلندرانی کے بیٹے کو کراچی سے اٹھایا گیا ہے، اس سے قبل سردار علی محمد قلندرانی کے تین صاحبزادے 15 سال سے لاپتہ ہیں اور ان کے بارے میں کچھ علم نہیں کہ وہ کہاں ہیں اب ان کے نوجوان بیٹے کو اٹھایا گیا سردارزادہ یوسف قلندرانی کو بازیاب کرایا جائے اگر اس پر کوئی الزام ہے تو عدالت میں پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل صوبے کے مختلف علاقوں میں ہماری جماعت کے کئی رہنماؤں کو شہید کیا جاچکا ہے لیکن قاتل گرفتار نہیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا قصور ہے کہ ہم آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہیں، بلوچستان عوامی پارٹی کے رکن اسمبلی آغا عمر احمد زئی نے کہا کہ ہم نے گزشتہ روز سردار علی محمد قلندرانی کے ساتھ مل کر وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کی، ملاقات میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے یقین دہانی کرائی ہے، انہوں نے کہا کہ اگر سردارزادہ یوسف قلندرانی پر کوئی الزام ہے تو ان کو عدالت میں پیش کیا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ان کی گزشتہ روز سردار علی محمد قلندرانی سے ملاقات ہوئی، ہم حکومت سندھ سے رابطہ میں ہیں یہ خیال کرنا کہ سردار زادہ یوسف قلندرانی کو کس نے اغوا کیا درست نہیں، ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے گی۔ بعدازاں اسپیکر نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 5 ستمبر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردی۔

# وسائل پر عوام کی مرضی کے بغیر کسی کو اختیار نہیں دینگے، سرفراز بگٹی

## مائنز اینڈ منرلز ایکٹ تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اتفاق رائے سے منظور کیا جائیگا، حقوق کا ہر حال میں تحفظ کرینگے

## کربلا کو تحصیل کا درجہ دینے، 10 کلومیٹر سڑک کی تعمیر، انٹر کالج کے قیام کا اعلان، کلی کربلا میں اجتماع سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 5 نمبر51)

بلوچستان کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی ہمارا عزم ہے عوامی خدمت ہمارا نصب العین ہے اور صوبے کے کسی حصے کو محرومی کا شکار نہیں رہنے دیا جائے گا۔ رکن صوبائی اسمبلی ظفر آغا کی دعوت پر پشین کے علاقے کربلا میں عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ آج میں کربلا آیا ہوں پشین کے بیشتر علاقوں کا دورہ کر چکا تھا مگر یہاں آکر دل کی گہری مسرت ہوئی بلوچستان کے مسائل سنگین اور وسائل محدود ہیں لیکن ہم نے عزم کیا ہے کہ اپنے قدرتی وسائل کو عالمی سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بروئے کار لائیں تاکہ صوبے کی تقدیر بدلی جاسکے انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر بے بنیاد پراپیگنڈا کیا جارہا ہے بلوچستان کے وسائل پر کسی کو عوام کی مرضی کے بغیر اختیار نہیں دیا جائے گا یہ ایکٹ دوبارہ اسمبلی میں لاکر اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ اتفاق رائے سے منظور کیا جائے گا اور صوبے کے حقوق کا ہر حال میں تحفظ کیا جائے گا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کربلا اور گردونواح کے عوام کے لیے اہم ترقیاتی اقدامات کا اعلان کیا انہوں نے اعلان کیا کہ کربلا کو تحصیل کا درجہ دیا جائے گا کربلا کے ہسپتال کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بنایا جائے گا اور اسے انڈس ہسپتال کے انتظام کے تحت چلایا جائے گا بلوچ برادری کے دیرینہ مطالبے پر 10 کلومیٹر سڑک تعمیر کی جائے گی علاقے میں شمسی توانائی کے منصوبے لگائے جائیں گیا یک نیا انٹر کالج قائم کیا جائے گا حرمزئی، کربلا اور سارانان کو شامل کرتے ہوئے 50 کروڑ روپے مالیت کا ترقیاتی پیکج دیا جائے گا کربلا کو قوانین کے مطابق میونسپل کمیٹی کا درجہ دیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میرے لیے اپوزیشن اور حکومت کی تفریق معنی نہیں رکھتی پورا بلوچستان میری ترجیح ہے بلوچستان کے نوجوانوں کو بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے تحت دنیا کی دو سو جامعات میں تعلیم کے مواقع دیے جارہے ہیں تاکہ وہ جدید علوم کے ذریعے صوبے اور ملک کی خدمت کرسکیں نوجوان اس سے استفادہ کریں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا منشور عوامی خدمت ہے اور ہم اس عزم پر قائم ہیں پاکستانیت میں ہی عظمت ہے۔ اجتماع سے رکن صوبائی اسمبلی سید ظفر علی آغا، اصغر خان ترین نے بھی خطاب کیا جبکہ صوبائی وزیر وزراء بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، اراکین صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی، زرک مندوخیل لیڈر آف اپوزیشن میر یونس عزیز زہری و دیگر بھی موجود تھے۔

CamScanner

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

IESDAY, SEPTEMBER 3, 2025

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار


# شاہوانی سٹیڈیم بم دھماکہ، وزیراعلیٰ نے دورہ لاہور منسوخ کردیا

## انسانی جانوں کو بچانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، سرفراز بگٹی

### وزیر صحت کو طبی سرگرمیوں کی نگرانی اور شدید زخمیوں کیلئے فضائی سروس کے استعمال کا حکم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے کے واقعے کی اطلاع ملتے ہی اپنا دورہ لاہور منسوخ کردیا اور فوری طور پر کوئٹہ ایئرپورٹ سے (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

واپس وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ پہنچ گئے انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان کو واقعے کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے رپورٹ طلب کرلی وزیراعلیٰ نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام کو اسپتال پہنچ کر تمام تر صورتحال کی ذاتی طور پر نگرانی کی ہدایت کی جبکہ سی ایم ایچ میں بھی ضروری انتظامات یقینی بنانے پر زور دیا ان کی ہدایت پر چھ زخمیوں کو علاج کے لیے سی ایم ایچ منتقل کیا گیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فضائی سروسز بروئے کار لانے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ شاہوانی اسٹیڈیم کے شدید زخمیوں کو ڈاکٹرز کی تجویز پر کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ حکومت کے تمام وسائل زخمیوں کی جان بچانے اور ان کے علاج معالجے کے لیے وقف ہیں اور ہر ممکن تعاون متاثرہ خاندانوں کو فراہم کیا جائے گا۔

## وزیر صحت کا سول ہسپتال کا دورہ امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر صوبائی (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سول اسپتال پہنچ گئے جہاں انہوں نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کے علاج معالجے کے تمام تر عمل اور طبی امدادی سرگرمیوں کی ذاتی طور پر نگرانی کی صوبائی وزیر صحت نے بتایا کہ واقعہ کے بعد تمام اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے ٹراما سینٹر مکمل طور پر فعال ہے تمام ڈاکٹرز اور طبی عملے کو فوری طور پر ڈیوٹی پر طلب کرلیا گیا ہے جبکہ ریجنل بلڈ سینٹر بھی مکمل طور پر فعال ہے اور خون کی فراہمی کے لیے ہنگامی اقدامات جاری ہیں انہوں نے کہا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور اس سلسلے میں تمام اسپتالوں کے آپریشن تھیٹرز اور آئی سی یوز کو ہائی الرٹ رکھا گیا ہے ایمبولینس سروسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف بھی الرٹ ہیں کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کیلئے سی ایم ایچ میں بھی اقدامات کئے گئے ہیں وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ٹراما سینٹر اور سول اسپتال میں زخمیوں کی عیادت کی اور اہل خانہ سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## وزیراعلیٰ کی بیمار بچی اور اسکے والد سے ملاقات، نقد امداد دی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ پریس کلب (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

کے سامنے اپنی بیمار بچی کے علاج کے لیے فریاد کرنے والے والد کی اپیل پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متاثرہ خاندان کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ مدعو کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ نے والد اور بچی سے ملاقات کی، والد کو حوصلہ دیا اور نقد مالی امداد بھی فراہم کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بچوں کی مسکراہٹ ہی اصل خوشی ہے، بی بی مرواہ کا علاج حکومت بلوچستان کے ذمے ہے ہم ہر ممکن معاونت کریں گے تاکہ معصوم بچی صحت مند زندگی گزار سکے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مشکل میں گھرے ہر والدین کی دعائیں میرے لیے سب سے بڑی کامیابی ہیں اور بی بی مرواہ کی صحت یابی ہم سب کی دعا ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی عارضہ قلب میں مبتلا بچی بی بی مرواہ سے شفقت کا اظہار کررہے ہیں



پشین، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی پشین کلی کربلا کے دورے کے موقع پر عوامی جلسے سے خطاب کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPI
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ حکومت
Da
Bullet No. 1
Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.pk
intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph 081-2822999
قیمت 30 روپے
جلد نمبر 32 | بروز بدھ 3 ستمبر 2025ء بمطابق 9 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 24

# ...ں اسٹیڈیم کوئٹہ میں خودکش حملہ 13 افراد جاں بحق، 30 زخمی

**انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے، میر سرفراز بگٹی**

**...ی سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کی مناسبت سے اسٹیڈیم میں منعقدہ جلسہ کے اختتام پر پارکنگ ایریا میں ہوا، سردار اختر مینگل اور محمود خان اچکزئی سمیت دیگر قائدین محفوظ رہے، زخمیوں میں سابق رکن اسمبلی احمد نواز بھی شامل**

**...اسپتال منتقل، دھماکے کے فوری بعد اسپتالوں میں ایمرجنسی، دھماکہ بظاہر خودکش لگتا ہے، سی ٹی ڈی، اطلاع ملتے ہی وزیراعلیٰ نے دورہ منسوخ کر دیا، رات گئے تک صورتحال کا جائزہ لیتے رہے**

...اسٹیڈیم کے... قریب بی این پی کے جلسے کے اختتام پر پارکنگ ایریا میں خودکش حملے کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 13 افراد جاں بحق جبکہ سابق رکن صوبائی اسمبلی سمیت 31 سے زائد افراد شدید زخمی ہو گئے مختلف جماعتوں کے قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے دھماکے میں ایک درجن سے زائد گاڑیاں اور موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو طلب کر لیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے دھماکے کی اعلیٰ بقیہ نمبر 56 صفحہ 5 پر

سطح پر تحقیقات کا حکم دے دیا ہے پولیس کے مطابق منگل کی شب کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب روڈ شاہوانی اسٹیڈیم میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے کے اختتام پر سیاسی قائدین بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، پشتونخوا میپ کے مرکزی چیئرمین محمود خان اچکزئی، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما کبیر احمد محمد شہی اور کارکن گاڑیوں موٹر سائیکلوں پر واپس جا رہے تھے کہ پارکنگ ایریا میں پہلے سے موجود خودکش حملہ آور نے خود کو اڑا لیا جس کے نتیجے میں اسپیشل برانچ کے اہلکار سمیت سیاسی پارٹی کے کارکن اسحاق، نجیب اللہ، شان، حنیف، مدو خان، وقار، حفیظ، عبدالنبی، نصر اللہ، اللہ بخش، نجیب اللہ بخش، وقار، سمیت 13 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ سابق رکن صوبائی اسمبلی احمد نواز بلوچ، لیبر سیکرٹری موسیٰ جان بلوچ، نادر، محمد صادق، سراج احمد، نصیب اللہ، بشیر، علی اکبر، محمد اسحاق، شاہ فیصل، فرحان، محمد مراد، عرفان، روت پرویز، مدو خان، شبیر احمد، نور احمد، فاروق، اعجاز، میر باز خان، عبداللطیف، کاشف، بسم اللہ، بصیر، نواب، کلیم اللہ، رسول بخش، شامران، محمد یوسف، سمیع اللہ، سمیت 31 سے زائد افراد شدید زخمی ہو گئے جبکہ قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے دھماکے سے علاقے میں بھگدڑ مچ گئی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز پولیس سی ٹی ڈی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشوں اور زخمیوں کو سول اور بی ایم سی ہسپتال پہنچایا دھماکے کے باعث سابق سینیٹر کبیر احمد محمد شہی کی گاڑی سمیت ایک درجن گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا دھماکے کی اطلاع ملتے ہی اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو فوری طور پر طلب کر لیا سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کر لئے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت

بخت محمد کاکڑ اور محکمہ صحت کے عملے نے زخمیوں کی عیادت کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے کے واقعے کی اطلاع ملتے ہی اپنا دورہ لاہور منسوخ کر دیا اور فوری طور پر کوئٹہ ایئرپورٹ سے واپس وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ پہنچ گئے انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان کو واقعے کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی وزیر اعلیٰ نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام کو اسپتال پہنچ کر تمام تر صورتحال کی ذاتی طور پر نگرانی کی ہدایت کی جبکہ سی ایم ایچ میں بھی ضروری انتظامات یقینی بنانے پر زور دیا ان کی ہدایت پر چھ زخمیوں کو علاج کے لیے سی ایم ایچ منتقل کیا گیا اور اسپتالوں میں سیکورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے اقدامات بھی کیے گئے وزیر اعلیٰ بلوچستان رات گئے تک صورتحال کا خود جائزہ لیتے رہے اور صوبائی وزیر صحت سے زخمیوں کے علاج معالجے اور طبی سہولیات کے بارے میں مسلسل آگاہی حاصل کرتے رہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاہوانی اسٹیڈیم کوئٹہ میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے جس کا مقصد صوبے میں خوف و ہراس پھیلانا اور پرامن شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا ہے یہاں جاری اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ شرپسند عناصر معصوم شہریوں کے خون سے کھیل رہے ہیں لیکن ان کے ناپاک عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے وزیر اعلیٰ نے واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کی دعا کی اور شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات جاری رکھیں گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔

## بیمار بچی کی فریاد سن لی گئی سرفراز بگٹی کا فوری ایکشن وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ بلا لیا

**والد نے کوئٹہ پریس کلب پر بیمار بچی کے علاج کیلئے اپیل کی تھی، خبر وائرل ہونے پر سرفراز بگٹی نے بچی اور اس کے والد سے ملاقات کر کے علاج کیلئے نقد مالی امداد بھی فراہم کی**

**بی بی مرواہ کا علاج حکومت بلوچستان کے ذمے ہے ہر ممکن معاونت کریں گے، وزیر اعلیٰ کی گفتگو، بچی کے والد کا وزیراعلیٰ سے اظہار تشکر**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے اپنی بیمار بچی کے علاج کے لیے فریاد کرنے والے والد کی اپیل پر فوری ایکشن لیتے ہوئے متاثرہ خاندان کو وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ مدعو کیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے والد اور بچی سے ملاقات کی، والد کو حوصلہ دیا اور نقد مالی امداد بھی فراہم کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بچوں کی مسکراہٹ ہی اصل خوشی ہے، بی بی مرواہ کا علاج حکومت بلوچستان کے ذمے ہے ہم ہر ممکن معاونت کریں گے تاکہ معصوم بچی صحت مند زندگی گزار سکے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، کسی معصوم بچے کو غریب خاندان کو اکیلا بقیہ نمبر 2 صفحہ 5 پر

نہیں چھوڑا جائے گا بچی کے والد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اقدام پر دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے نہ صرف میری بچی کی زندگی بچانے کا عزم کیا ہے بلکہ میرے دل کو بھی سکون دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میری آنکھوں سے شکر گزاری کے آنسو نکل آئے ہیں آپ نے پہلے بھی میری ایک بچی کے بیرون ملک علاج کے لیے مدد کی تھی اور آج ایک بار پھر ہماری امیدوں کو حقیقت میں بدل دیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مشکل میں گھرے ہر والدین کی دعائیں میرے لیے سب سے بڑی کامیابی ہیں اور بی بی مرواہ کی صحت یابی ہم سب کی دعا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ
حکومت ب

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

D

Bullet No. 1

Page No 8

بروز بدھ 3 ستمبر 2025ء

# بلوچستان اسمبلی: وزیراعلیٰ کی مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام جماعتوں کو مذاکرات کی پھر دعوت

ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا بعد میں بل سیاست کی نذر ہوگیا، یہ پارلیمنٹ کے مسئلے ہیں انہیں پارلیمنٹ میں ہی حل ہونا چاہیے، وزیراعلیٰ

بلوچستان اسمبلی نے شیخ محمد بن زید النہیان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا مسودہ قانون منظور کرلیا، اسپیکر نے گوادر میں جاری فراہمی آب کے منصوبوں کی تفصیلات طلب کرلیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام سیاسی جماعتوں کو ڈائیلاگ کی دعوت دیتے ہوئے سب کو اعتماد میں لینے کا اعلان کردیا، اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیراعلیٰ کی جانب سے ڈائیلاگ کی دعوت کا خیر مقدم کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا بقیہ نمبر 36 صفحہ 5 پر

والے سیلابی ریلے پنجند سے ہو کر دریائے سندھ میں شامل ہو رہے ہیں اس لیے دریائے سندھ میں پانی کی سطح میں اضافہ دیکھا جائے گا سندھ گورنمنٹ اور حکومت بلوچستان اس حوالے سے باہمی رابطے میں ہے اور سیلابی صورتحال کے حوالے سے تمام تر تفصیلات شیئر کی جا رہی ہیں مفاد عامہ میں تمام اقدامات کیے جائیں گے تاکہ عوام کو جانی و مالی نقصانات سے بچایا جا سکے آج سکھر بیراج کے دورے کا مقصد وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے احکامات پر تمام تر امور کا باریک بینی سے جائزہ لینا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکھر بیراج کے دورے کے موقع پر صوبائی وزیر اریگیشن سندھ جام خان شورو کے ہمراہ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی سیکرٹری آبپاشی بلوچستان صالح محمد ناصر ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان چیف انجینئر کینالز ناصر مجید سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نصیر آباد ڈویژن غلام سرور منگوئی ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال فرید احمد چندرانی پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر بلال صادق عمرانی ایگزیکٹو انجینئر اریگیشن ڈرینج و دیگر نے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی کو پنجاب سے آنے والے سیلابی ریلوں کے متعلق تفصیل سے بریفنگ دی

## ترقی کے اہداف کا حصول خواتین کی معاشی شمولیت سے مشروط ہے، ربابہ بلیدی

**ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈوومنٹ فنڈ کے قیام کا مقصد خواتین کی معاشی خودمختاری ہے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈوومنٹ فنڈ کے قیام کا بنیادی مقصد بلوچستان کی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا اور انہیں پائیدار ترقی کے سفر میں حقیقی شراکت دا ........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

ر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی شمولیت کے بغیر ترقی کے اہداف کا حصول ممکن نہیں، اس لیے فنڈ کے مالیاتی نظم و نسق میں شفافیت اور میرٹ کو اولین ترجیح دی جائے گی یہ بات انہوں نے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اور بینکنگ حکام کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی، جس میں فنڈ کے مالیاتی امور اور اس کے شفاف نظام کار پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں بینکنگ سیکٹر کے ماہرین اور محکمہ کے افسران نے شرکت کی اور فنڈ کے موثر اور شفاف استعمال کے طریقہ کار پر تجاویز پیش کیں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ ویمن اکنامک امپاورمنٹ انڈوومنٹ فنڈ خواتین کو چھوٹے کاروبار اور معاشی سرگرمیوں کے لیے مالی سہولت فراہم کرے گا، تاکہ وہ اپنی محنت اور صلاحیت کے ذریعے نہ صرف اپنے خاندان بلکہ معاشرے کی فلاح و ترقی میں بھی مثبت کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے اور اس فنڈ کے ذریعے خواتین کی عملی زندگی میں آسانیاں پیدا ہوں گی صوبائی مشیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مالیاتی شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے واضح طریقہ کار وضع کیا جائے اور فنڈ کے اجرا کے تمام مراحل میں جوابدہی اور نگرانی کے موثر نظام کو لازمی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی یہ پالیسی صرف فنڈ کے اجرا تک محدود نہیں ہوگی بلکہ خواتین کو عملی طور پر بااختیار بنانے کے لیے مسلسل معاونت فراہم کی جائے گی اجلاس میں شریک بینکنگ حکام اور محکمے کے افسران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فنڈ کے نظم و نسق کو شفاف، منصفانہ اور عوام دوست بنایا جائے گا تاکہ اس اقدام سے زیادہ سے زیادہ خواتین مستفید ہو سکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۱

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 13


# دکی میں 1122 ایمرجنسی سینٹر کے قیام کی منظوری دیدی گئی 45 کروڑ لاگت آئیگی

## تمام ہسپتالوں میں عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہوں اجتماعی مسائل کا حل وژن ہے، سردار مسعود خان لونی

### مائینز اور روڈ حادثات کے دوران 1122 کا عملہ فوری پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچا کر علاج معالجہ ممکن بنائے گا، صوبائی مشیر

دکی (خ ن) دکی میں 1122 ایمرجنسی سینٹر کے قیام کی منظوری دے دی گئی 45 کروڑ لاگت آئیگی ایمرجنسی سینٹر میں تمام سہولیات میسر ہونگے 1122 سینٹر کے قیام سے حادثات کے دوران زخمیوں کو بروقت ہسپتال پہنچایا جا سکتا ہے صحت اور تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہا ہوں سیکرٹری صحت سے ملاقات کرکے ڈاکٹرز اور دیگر طبی مسائل سے آگاہ کر دیا ہے ڈی ایچ کیو سمیت تمام ہسپتالوں میں عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہوں اجتماعی مسائل کا حل اور ترقی وخوشحالی میرا وژن ہے صوبائی مشیر جنگلات سردار مسعود خان لونی کی میڈیا سے بات چیت تفصیلات کے مطابق صوبائی مشیر جنگلات رکن صوبائی اسمبلی سردار مسعود خان لونی نے ضلع دکی میں 1122 ایمرجنسی سینٹر کے قیام کیلئے 45 کروڑ روپے منظور کرلئے سینٹر میں عوام کو ہر قسم سہولیات میسر ہونگے مائینز اور روڈ حادثات کے دوران 1122 عملہ فوری پہنچ کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچا کر بروقت علاج معالجہ ممکن بنائی گی جس سے شرح اموات میں بھی کافی حد تک کمی آئیگی صوبائی مشیر جنگلات سردار مسعود خان لونی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صحت پر خصوصی توجہ دے رہا ہوں ڈی ایچ کیو سمیت تمام ڈسٹرکٹ کے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی کمی اور ادویات اور دیگر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہوں صحت کے شعبے کو فعال بنایا جائے اس سلسلے میں سیکرٹری صحت سے ملاقات کرکے تمام مسائل سے آگاہ کر دیا ہے جنہوں ڈاکٹرز کی تعیناتی و دیگر مسائل کے حل کی مکمل یقین دہانی کرائی ہے انہوں نے کہا کہ 1122 سینٹر کے قیام کا مقصد حادثات کے دوران عملہ فوری پہنچ کر ٹریٹمنٹ جاری اور ہسپتال تک زخمیوں کو پہنچانا ہے جس کی مثبت نتائج آئیں گے انہوں نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل صحت تعلیم صاف پانی سڑکوں کی تعمیر نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین ترجیحات ہے اجتماعی مسائل کے حل اور حلقہ انتخاب کی ترقی وخوشحالی میرا وژن ہے عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاؤں گا بلا رنگ ونسل عوامی خدمات میرا شعار ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 9

# عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری

**علاج معالجے، سڑکوں کی تعمیر، تعلیم کی بہتری اور دیگر شعبوں میں واضح اقدامات کیے جا رہے ہیں، اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے۔ اس مقصد کے لیے حکومت بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ عوام کو صحت، تعلیم، پانی، انفراسٹرکچر اور دیگر بنیادی سہولیات بروقت میسر ہوں۔ مختلف اضلاع میں علاج معالجے، سڑکوں کی تعمیر، تعلیم کی بہتری اور دیگر شعبوں میں واضح اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ عوامی مسائل کا حل ممکن بنایا جا سکے اور ہر علاقے کو یکساں ترقی دی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کمبر دشتی، چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات سمیت تمام صوبائی سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ان تمام اقدامات عوام کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت کی سنجیدہ کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں محکموں میں تعیناتی کے عمل کو موثر اور شفاف بنائیں گے۔ خالی اسامیوں کو جلد پر کرنے اور میرٹ یقینی بنانے کے لیے مزید بہتر پالیسی تیار کی جائیں تاکہ بھرتیاں کرپشن سے پاک ہوں اور اہل امیدواروں کو ان کا حق مل سکے۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تمام محکمے تمام اضلاع میں اپنے دفاتر کو فعال اور تمام آفیسران جائے تعیناتی پر موجود رہیں تاکہ عوامی مسائل کو فوری حل کیا جا سکے۔

MASHRIQ QUETTA

# خالی اسامیوں پر میرٹ یقینی بنانے کیلئے بہتر پالیسی تیار کی جائے، چیف سیکرٹری

**تمام اضلاع میں محکمے فعال اور افسران اپنی جائے تعیناتی پر موجود رہیں تاکہ عوامی مسائل فوری حل ہو سکیں، شکیل قادر خان**

**فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کے فوری حل پر خصوصی توجہ دی جائے، صوبائی سیکرٹریز کو ہدایت**

**تمام محکمے سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز پر ترقیاتی کاموں کی تشہیر کریں یہ ایک جدید اور موثر ذریعہ ہے، زیر صدارت اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی حکومت کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہے اس مقصد کے لئے حکومت بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ عوام کو صحت، تعلیم، پانی، انفراسٹرکچر اور دیگر بنیادی سہولیات بروقت میسر ہوں مختلف اضلاع میں علاج و معالجے، سڑکوں کی تعمیر، تعلیم کی بہتری اور دیگر شعبوں میں واضح اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ عوامی مسائل کا حل ممکن بنایا جا سکے اور ہر علاقے کو یکساں ترقی دی جا سکے ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کمبر دشتی، چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات سمیت تمام صوبائی سیکرٹریز نے شرکت کی چیف سیکرٹری نے کہا کہ یہ تمام اقدامات عوام کی فلاح و بہبود کے لئے حکومت کی سنجیدہ کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے میں محکموں میں تعیناتی کے عمل کو موثر اور شفاف بنائیں گے۔ خالی اسامیوں کو جلد پر کرنے اور میرٹ یقینی بنانے کیلئے مزید بہتر پالیسی تیار کی جائے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 2 & 6


## کوئٹہ و بلوچستان بھر میں افغان پناہ گزینوں کی موبائل سمز بند

**وفاقی حکومت کے اقدام کے بعد افغان پناہ گزین مواصلاتی رابطوں سے محروم**

**ڈیڈ لائن گزشتہ روز ختم ہونے کے بعد افغان پناہ گزینوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری**

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میں مقیم افغان پناہ گزینوں کو ملک چھوڑنے کی دی گئی ڈیڈ لائن 31 اگست کو ختم ہونے کے بعد وفاقی حکومت نے سخت اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں افغان پناہ گزینوں کے زیر استعمال موبائل سمز بند کرنے کا سلسلہ تیز کر دیا گیا ہے۔ وفاقی وزارت داخلہ کے احکامات کی روشنی میں ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

نادرا اور پی ٹی اے کے تعاون سے موبائل کمپنیوں نے تمام سمز کی شناخت اور بندش کا عمل شروع کیا، جو افغان پناہ گزینوں کے نام یا استعمال میں تھیں۔ یو این اے کے مطابق بیشتر افغان پناہ گزینوں کی موبائل سمز کو معطل کر دیا گیا ہے، جس سے وہ مواصلاتی رابطوں سے محروم ہو گئے ہیں۔ یہ کارروائی صرف افغان پناہ گزینوں تک محدود نہیں بلکہ غیر قانونی طریقے سے حاصل کی گئی تمام سمز پر بھی نافذ کی جا رہی ہے۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم کسی بھی غیر ملکی کو مزید برداشت نہیں کیا جائے گا

## عید میلاد النبیؐ پر عوام کی جان و مال کا تحفظ، سہولتیات کی فراہمی یقینی بنائینگے، ڈی سی کوئٹہ

**فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی، جامع انتظامات کئے جا رہے ہیں، جلوس کے داخلی مقامات پر واک تھرو گیٹ نصب ہونگے**

**تمام راستوں پر پولیس و ایف سی اہلکار ڈیوٹی سرانجام دینگے، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ ہوگی، مہراللہ بادینی کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (ثاں) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے جلوسوں اور تقریبات کے حوالے سے تیاریوں کا جائزہ اجلاس ہوا۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، پولیس، ایف سی، کیسکو، ڈی ایچ او، پی پی ایچ آئی، واسا، پی ایچ ای، ہیڈ ایم اے، میٹروپولیٹن، صفا کوئٹہ، بی ایم سی ہسپتال، بے نظیر ہسپتال، شیخ زید ہسپتال کے نمائندوں سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 06 ستمبر کو 12 ربیع الاول کے جلوسوں کے موقع پر سیکورٹی کے جامع انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر فول پروف سیکورٹی فراہم کی جائے گی، جلوس کے داخلی مقامات پر واک تھرو گیٹ نصب ہوں گے جبکہ قندھاری بازار، پرنس روڈ، لیاقت بازار، عبدالستار روڈ اور مسجد روڈ کی دکانیں بند رہیں گی۔ تمام راستوں پر پولیس اور ایف سی کے اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ صفا کوئٹہ کو جلوس کے روٹس کی مکمل صفائی کی ہدایت کی گئی جبکہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کو صفائی اور اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی۔ واسا اور پی ایچ ای کو جلوس کے دوران پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا ٹاسک دیا گیا۔ تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ ہوگی اور پیرامیڈیکل اسٹاف سمیت ڈاکٹروں کی مکمل حاضری یقینی بنائی جائے گی۔ اجلاس میں کیسکو کو ہدایت دی گئی کہ محافل اور جلوسوں کے دوران بجلی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 ربیع الاول کے موقع پر عوام کی جان و مال کے تحفظ، صفائی، بجلی، پانی اور طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام محکمے اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ادارے باہمی ہم آہنگی اور تعاون کے ساتھ فیلڈ میں موجود رہیں اور انتظامات کو سو فیصد عمل میں لائیں تاکہ جلوس اور تقریبات پرامن اور خوش اسلوبی سے مکمل ہو سکیں۔

## کوئٹہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پرائس کنٹرول کے تحت کارروائیاں

**75 دکانوں کا معائنہ کیا گیا، نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 دکاندار گرفتار، 2 دکانیں سیل اور 15 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے**

**کارروائیوں کے دوران مٹن و بیف شاپس، جنرل اسٹورز، تندوروں کے نرخ نامے دیکھے گئے اور ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں سے متعلق چیکنگ کی گئی**

کوئٹہ (خ ن) پرائس کنٹرول کارروائیاں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پرائس کنٹرول کے تحت سب ڈویژن کچلاک، سب ڈویژن سریاب اور سب ڈویژن صدر میں کارروائیاں کی گئیں۔ کارروائیوں کے دوران مٹن شاپس، بیف شاپس، جنرل اسٹورز، تندوروں اور ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف چیکنگ کی گئی۔ انسپکشن کے دوران مجموعی طور پر 75 دکانوں کا دورہ کیا گیا، جن میں سے سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی پر 11 دکاندار گرفتار، 2 دکانیں سیل اور 15 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کی گئی۔ اس موقع پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب نے ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ہول سیل دکان سیل کر کے مالک کو گرفتار کر لیا۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کے خاتمے کے لیے پرائس کنٹرول کی ایسی کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

## عوام ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے استعمال سے گریز کریں، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

**پلاسٹک تھیلوں کا استعمال انسانی صحت کے لیے شدید نقصان دہ ہے اور یہ جان لیوا بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے**

**پلاسٹک تھیلے نہ صرف انسانی زندگی پر منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں بلکہ ماحول اور قدرتی نظام کو بھی تباہ کر رہے ہیں**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں پر پابندی اور اس کے خلاف جاری آپریشن کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، محکمہ ماحولیات کے افسران، اسسٹنٹ کمشنران اور تمام سب ڈویژن کے مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پلاسٹک تھیلوں کا استعمال انسانی صحت کے لیے شدید نقصان دہ ہے اور یہ جان لیوا بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے۔ ماہرین نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پلاسٹک تھیلے نہ صرف انسانی زندگی پر منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں بلکہ ماحول اور قدرتی نظام کو بھی تباہ کر رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ ممنوعہ پلاسٹک تھیلوں کے استعمال سے گریز کریں اور صرف حکومت سے رجسٹرڈ شدہ پلاسٹک بیگز استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تعاون کے بغیر اس مہم کو کامیاب نہیں بنایا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع بھر کے تمام افسران اور مجسٹریٹس اپنے متعلقہ سب ڈویژن میں پلاسٹک تھیلوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کریں تاکہ اس مضر اور ممنوعہ استعمال کو جڑ سے ختم کیا جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 03 SEP 2025

Page No. 22

# پاکستان اور قازقستان کا گوادر، کراچی بندرگاہوں پر مشترکہ منصوبوں پر اتفاق

قازقستان کے سفیر اور وفاقی وزیر بحری امور جنید انور چوہدری کے درمیان اہم ملاقات، فریقین کا میری ٹائم سیکٹر میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے میں گہری دلچسپی کا اظہار

پاکستانی بندرگاہوں کو نہ صرف قازقستان بلکہ وسط ایشیائی خطے کیلئے بھی ٹرانزٹ حب کے طور پر استعمال کیا جائے، قازق سفیر کی بات چیت

گوادر (آئی این پی) قازقستان کے سفیر یرژان کِسامفن اور وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات میں دونوں فریقین نے میری ٹائم سیکٹر میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دینے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے اور مشترکہ منصوبوں کے مواقع اور تجارتی سہولتوں پر توجہ مرکوز کی گئی گزشتہ روز گوادر میں ہونے والی ملاقات میں وزیر چوہدری نے کراچی اور گوادر بندرگاہوں پر مشترکہ منصوبے شروع کرنے کی تجویز پیش کی، گوادر کے فری زونز میں ممکنہ شراکت داری کو اجاگر کیا۔ ان کوششوں کا مقصد قازقستان کے لیے تجارتی رسائی کو بڑھانے کے لیے پاکستان کے اسٹریٹجک

بقیہ نمبر24 صفحہ 5 پر

پورٹ انفراسٹرکچر کو بروئے کار لانا ہے، جو ایک خشکی میں گھرے ہوئے ملک ہے جو وسیع سمندری رابطے کے خواہاں ہے۔ قازق سفیر نے ان اقدامات کا خیرمقدم کرتے ہوئے قازقستان کے مقصد پر زور دیا کہ پاکستانی بندرگاہوں کو نہ صرف قازقستان بلکہ وسط ایشیائی خطے کے لیے بھی ٹرانزٹ حب کے طور پر استعمال کیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ قازقستان کے وزیر مواصلات کی قیادت میں ایک وزارتی سطح کا وفد جلد ہی پاکستان کا دورہ کرنے والا ہے۔ یہ وفد سمندری تجارت اور لاجسٹکس میں مزید تعاون تلاش کرنے کے لیے وزیر چوہدری کے ساتھ گہرائی سے بات چیت کرے گا۔ وزیر نے قازقستان اور دیگر خشکی سے گھرے وسطی ایشیائی ممالک کو خلیج فارس، افریقہ اور جنوب مشرقی ایشیا کی منڈیوں تک براہ راست رسائی فراہم کرنے والے گیٹ ویز کے طور پر پاکستانی بندرگاہوں کے اہم کردار پر زور دیا۔ انہوں نے پاکستان کے میری ٹائم سیکٹر کی جدت پسندانہ نقطہ نظر اپناتے ہوئے اور بین الاقوامی شراکت داری کو تقویت دے کر علاقائی تجارتی مرکز بننے کے عزم کو مزید اجاگر کیا۔ توقع ہے کہ قازق وفد کے آنے والے دورے سے مشترکہ منصوبوں اور تجارتی سہولت کاری، بحری انفراسٹرکچر کی ترقی، لاجسٹکس اور بلیو اکانومی کے ذریعے تعلقات کو مضبوط بنانے میں تیزی آئے گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 2-3


# سیاسی جلسے کے اختتام پر دھماکا سیاسی جمہوری قوتوں پر حملہ ہے، سیاسی جماعتیں

## اے این پی، پشتونخوا میپ، جماعت اسلامی، پشتونخوا نیپ، جمعیت ن، این ڈی ایم کا اظہار مذمت، وکلاء کا آج عدالتی بائیکاٹ کا اعلان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبے کے مختلف سیاسی جمہوری جماعتوں نے شاہوانی اسٹیڈیم کے جلسے کے اختتام پر دھماکے اور اس میں 12 افراد کی شہادت اور 35 کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دھماکہ سیاسی جمہوری قوتوں پر حملہ ہے اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ عوامی نیشنل پارٹی نے کہا کہ یہ دھماکہ سیاسی جمہوری قوتوں پر حملہ ہے۔ جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ بیان میں شہید ہونے والے کارکنوں کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی گئی ہے۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن نے بے گناہ قیمتی جانوں کے ضیاع اور زخمیوں پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت عوام کی جان ومال کی حفاظت میں ناکام ہوگئی ہے۔ سیاسی سرگرمیوں کی حفاظت کرنا حکومت واداروں کا فرض ہے۔ ہم شہداء کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بزدلانہ اور انسانیت سوز کارروائی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد معصوم شہریوں کے خون سے کھیل کر اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں لیکن ریاست اور عوام ان کے منصوبوں کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے بیان میں شہید اور زخمی ہونے والے سیاسی کارکنوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ پارٹی نے تمام جمہوری قوتوں سے اپیل کی کہ وہ ان سازشوں کے خلاف متحد ہوکر عوامی وسیاسی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد جاری رکھیں۔ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے واقعے کو حکومت کی ناکامی قرار دیا اور کہا کہ عرصے سے صوبہ دہشت گردی وقتل وغارت واغوا برائے تاوان جیسے سنگین جرائم کی آماجگاہ ہے مگر حکومت امن وامان کی بحالی کیلئے کوئی ٹھوس و پائیدار اقدام نہیں کررہی۔ جمعیت نظریاتی کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سیکریٹری جنرل مفتی شفیع الدین مرکزی سیکریٹری اطلاعات سید عبدالستار شاہ چشتی بلوچستان کے کنوینر قاری مہر اللہ مرکزی سیکریٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے نے ایک بار پھر کوئٹہ کو خون میں نہلا دیا ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی بیان میں واقعے کی شدید مذمت اور ریاست وحکومت کو اس دہشت گردی کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے۔ ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا کہ جلسے میں صوبے کی تمام جماعتوں کے مرکزی قائدین کی موجودگی و سیاسی کارکنوں کی بڑی کثریت کے ہونے کے باوجود سیکیورٹی کا موثر انتظام نہ ہونا سوالیہ نشان ہے۔ بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطاء اللہ لانگو ایڈووکیٹ نے ایک بیان میں بی این پی کے جلسے میں بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج بلوچستان بھر میں عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کیا جائیگا۔

# اسپیکر نے گوادر میں پانی کے منصوبوں کی تفصیلات طلب کرلیں

## ڈی سیلینیشن پلانٹس سے 20 گلاس پانی بھی نہیں ملا اور اربوں خرچ ہوگئے، افسران کیخلاف کارروائی کی جائے، ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے محکمہ پی ایچ ای سے گوادر میں صاف پانی کے منصوبوں کی تفصیلات ایک ہفتہ میں طلب کرلیں۔ منگل کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوادر میں پینے کے پانی کے لیے ڈی سیلینیشن پلانٹس لگائے گئے تھے، ان پلانٹس سے 20 گلاس پانی بھی نہیں ملا اور اربوں روپے خرچ ہوگئے، ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ حکومت گوادر کو پانی فراہم کرنے کی کوشش کررہی ہے، گوادر کو 20 لاکھ گیلن کی روزانہ ضرورت ہے اور گوادر کو جنگی بنیادوں پر پانی فراہمی کرنے کیلئے کام ہو رہا ہے۔ اس موقع پر اسپیکر نے محکمہ پی ایچ ای سے گوادر میں صاف پانی کے منصوبوں کی تفصیلات ایک ہفتہ میں طلب کرلیں۔ جمعیت علماء اسلام کی رکن شاہدہ روف نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت کوئٹہ شہر گوناگوں مسائل سے دوچار ہے، اسمبلی میں کوئٹہ کے مسائل پر ایک دن بریفنگ دی جائے اور اس دن اس کے سوا کوئی اور ایجنڈا بھی نہ رکھا جائے۔ جس پر اسپیکر نے رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ ایک مناسب دن دیکھ کر کوئٹہ کے مسائل پر اسمبلی میں بریفنگ رکھیں گے۔ پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی نے کہا کہ نصیر آباد میں زمینداروں کو زرعی ٹیوب ویل سولر پر منتقل کرنے کے پیسے نہیں ملے لیکن ان کی بجلی منقطع کی جارہی ہے، ہمارے علاقے میں چاول کی فصل لگی ہوئی ہے اور گندم کی فصل کا سیزن آنے والا ہے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی ملک نعیم بازئی نے کہا کہ میرے حلقے میں پینے کے پانی کا مسئلہ ہے اس مسئلہ کو حل کیا جائے۔

# عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، ڈاکٹر مالک

## تربت کے سول ہسپتال کو بہتر بنانے کیلئے فوری اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں، سابق وزیراعلیٰ

تربت (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے سول ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہیں طبی سہولیات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سروسز اور درپیش مسائل پر بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے ڈاکٹروں اور عملے سے ملاقات کی اور ان کی محنت اور خدمات کو سراہا۔ رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ عوام کو معیاری صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ تربت کے سول ہسپتال کو بہتر بنانے کے لیے فوری اور موثر اقدامات اٹھائے جائیں، تاکہ مریضوں کو درپیش مشکلات کم کی جاسکیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ بحیثیت رکن صوبائی اسمبلی وہ ہسپتال کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے بھرپور رابطہ اور تعاون کریں گے۔


MASHRIQ QUETTA


# تاجر حضرات آٹے اور، چینی کی ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں، قاری مہر اللہ

## مافیاز اشیائے خوردونوش کی مصنوعی قلت پیدا کرکے سرمایہ بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، آغا ابراہیم شاہ، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم، حاجی نادر خان اچکزئی، حاجی محمد نور اخوندزادہ، مولانا شمس اللہ مولوی صالح محمد نے کہا کہ تاجر حضرات آٹا، چینی ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں، ذخیرہ اندوزی کی باعث ضرورت کی اشیاء میں ........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر


عام لوگوں کو پریشانی لاحق ہوتی ہے ذخیرہ اندوزی سے آٹا چینی، گھی و دیگر اشیا خوردونوش کی قیمتیں آسمان تک پہنچ چکی روزانہ سینکڑوں گاڑیاں آٹا زگوداموں میں ذخیرہ ہوجاتی ہے انہوں نے کہا کہ اشیائے خوردونوش کے مصنوعی قلت پیدا کرکے مافیاز کی سرمایہ کو بڑھانے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے حدیث میں ذخیرہ اندوزی کرنے والے کو لعنتی قرار دیا ہے

## سابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ کیو ڈی اے کے خلاف مقدمہ درج

**بزار گنجی کمپلیکس کا اصل ریکارڈ غائب کرنے کا الزام، گرفتاری کیلئے چھاپے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن بلوچستان نے بزار گنجی کمپلیکس کا اصل ریکارڈ غائب کرنے کے الزام میں سابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ کیو ڈی اے کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں اینٹی کرپشن ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ کو شکایت موصول ہوئی تھیں کہ کیو ڈی اے میں جعل سازی، اختیارات کے غلط استعمال اور اصل ریکارڈ غائب کیا گیا ہے جس پر ڈی جی نے اینٹی ڈائریکٹر شیخ منیر احمد کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس میں ٹیم نے تحقیقات کی اور رپورٹ ڈی جی کو پیش کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ سابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ و سابق ڈائریکٹر اسٹیٹ کمرشل کیو ڈی اے زاہد حسین بزار گنجی میں 26 بوگس پلاٹس کی الاٹمنٹ کی جبکہ بزار گنجی کمپلیکس کا اصل ریکارڈ (نقشہ جات) غائب کر دیا ہے جس پر ڈی جی نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کرنے کی ہدایت کی ذرائع نے بتایا کہ تفتیشی افسر شاہ محمد مندوخیل نے مقدمہ درج کر کے گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## خودکش حملے میں زخمی ہونے والوں کے نام

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب خودکش حملے میں زخمی ہونے والوں کے نام: نادر، محمد صادق، سراج احمد، نصیب اللہ، بشیر، علی اکبر، محمد اسحاق، سابق ایم پی اے احمد نواز، شاہ فیصل، فرحان، محمد مراد، عرفان، روت پرویز، وقار، مددخان، شبیر احمد، نور احمد، فاروق، اعجاز، میر باز خان موسیٰ عبداللطیف، کاشف، بسم اللہ، بصیر، نواب، کلیم اللہ، رسول بخش، شامران سمیت دیگر شامل ہے

MASHRIQ QUETTA

## سریاب روڈ پر دھماکہ، پولیس اہلکار سمیت 14 افراد جاں بحق، 30 سے زائد زخمی

**جاں بحق ہونیوالوں میں اسپیشل برانچ کا اہلکار، سیاسی پارٹی کے کارکن اسحاق، نجیب اللہ، شان، حنیف، وقار، حفیظ و دیگر شامل**

**زخمیوں میں سابق رکن صوبائی اسمبلی احمد نواز بلوچ، موسیٰ جان بلوچ، نادر، محمد صادق، سراج احمد، نصیب اللہ و دیگر زیر علاج**

**صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سول ہسپتال پہنچ گئے، ایمرجنسی نافذ، ضروری کارروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کر دیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے سریاب شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب بی این پی کے جلسے کے اختتام پر پارکنگ ایریا میں خودکش حملے کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 14 افراد جاں بحق جبکہ سابق رکن صوبائی اسمبلی سمیت 30 سے زائد افراد شدید زخمی ہوگئے مختلف جماعتوں کے قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے دھماکے میں ایک درجن سے زائد گاڑیاں ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

گھیرے میں لے کر لاشوں اور زخمیوں کو سول اور بی ایم سی ہسپتال پہنچایا، اطلاع ملنے پر ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو فوری طور پر طلب کر لیا سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کر لئے، وزیراعلیٰ کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور محکمہ صحت کے عملے نے زخمیوں کی عیادت کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

د موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا دھماکے کی اطلاع ملنے پر ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو طلب کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق منگل کی شب کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب روڈ شاہوانی اسٹیڈیم میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے کے اختتام پر سیاسی قائدین بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، پشتونخوامیپ کے مرکزی چیئرمین محمود خان اچکزئی، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما کبیر احمد محمد شہی اور کارکن گاڑیوں موٹر سائیکلوں پر واپس جا رہے تھے کہ پارکنگ ایریا میں پہلے سے موجود خودکش حملہ آور نے خود کو اڑا لیا جس کے نتیجے میں اسپیشل برانچ کے اہلکار سمیت سیاسی پارٹی کے کارکن اسحاق، نجیب اللہ، شان، حنیف، احمد خان، وقار، حفیظ، عبدالنبی، نصراللہ، اللہ بخش، نجیب اللہ بخش، وقار سمیت 14 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ سابق رکن صوبائی اسمبلی احمد نواز بلوچ، لیبر سیکرٹری موسیٰ جان بلوچ، نادر، محمد صادق، سراج احمد، نصیب اللہ، بشیر، علی اکبر، محمد اسحاق، شاہ فیصل، فرحان، محمد مراد، عرفان، روت پرویز، مدد خان، شبیر احمد، نور احمد، فاروق، اعجاز، میر باز خان، عبداللطیف، کاشف، بسم اللہ، بصیر، نواب، کلیم اللہ، رسول بخش، شامران، محمد یوسف، سمیع اللہ، سمیت 31 سے زائد افراد شدید زخمی ہوگئے جبکہ قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے دھماکے سے علاقے میں بھگدڑ مچ گئی اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز پولیس سی ٹی ڈی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو

## بلوچستان بھر میں فائرنگ و حادثات کے نتیجے میں 8 افراد ہلاک، 2 زخمی

**نوشکی طلق مینگل میں فائرنگ سے شیر جان مینگل اور خاران میں لڑکا اور لڑکی قتل، شاہرگ کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے کانکن جاں بحق**

**بھکور میں گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار میاں بیوی جاں بحق، کمسن بچہ زخمی، قلات سے کوئٹہ آنے والی تیل بردار گاڑی الٹنے سے ڈرائیور فضل جھلس کر ہلاک**

**نانجی پور میں بھینس چوروں کی فائرنگ سے مالک عبدالباقی ہلاک، لاشیں اور زخمی ہسپتال منتقل، مزید تحقیقات متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے**

کوئٹہ، نوشکی (سٹی رپورٹر + نیوز ایجنسیاں) نوشکی طلق مینگل میں فائرنگ سے ڈگری کالج کا ملازم جاں بحق ہوگیا نوشکی کلی مینگل میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق تفصیلات کے مطابق نوشکی کے علاقہ طلق مینگل میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈگری کالج نوشکی کا ملازم شیر جان مینگل جاں بحق ہوگیا پولیس واقعہ کی مزید تفتیش کر رہی ہے دریں اثناء شاہر...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

گ کے علاقے میں مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے 1 کانکن جاں بحق اور 1 زخمی ہوگیا لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز شاہرگ کے علاقے میں مقامی کوئلہ کان سے کانکن کوئلہ نکال رہے تھے کہ مٹی کا تودہ گرنے سے 1 کانکن جاں بحق اور ایک زخمی ہوگیا نعش اور زخمی کو نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے دریں اثناء خاران میں نامعلوم افراد نے لڑکا اور لڑکی کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خاران کے علاقے گروینہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک لڑکا گل نذر اور لڑکی مسماۃ (س) کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے

INTEKHAB QUETTA

## سبی سے نعش ملی، نوشکی میں ڈگری کالج کا ملازم قتل

**نعش شناخت کیلئے مردہ خانہ منتقل، شیر جان مینگل کو کلی مینگل میں نشانہ بنایا گیا**

کوئٹہ (آن لائن) سبی پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد کر لی تفصیلات کے مطابق سبی کے علاقے قریب سے پولیس کو ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا مزید کارروائی سبی پولیس بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

کر رہی ہے۔ نوشکی کے علاقہ طلق مینگل میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ڈگری کالج نوشکی کے ملازم شیر جان مینگل جاں بحق ہوگئے پولیس واقعہ کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 25

# عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کی فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری!

گزشتہ روز چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ عوامی مسائل کا فوری اور موثر حل فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کے لیے حکومت اور متعلقہ اداروں نے مختلف اقدامات کیے ہیں تاکہ اشیاء کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھا جاسکے۔ سرکاری نرخوں پر اشیاء کی فروخت مضبوط اقدامات اور نگرانی کی ضرورت ہے تاکہ سرکاری نرخوں پر واقعی اشیاء دستیاب ہوں اور صارفین کو مارکیٹ کی تجاوزات سے بچایا جاسکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے محکمہ تعلیم اور صحت میں عارضی بنیادوں پر تعینات اساتذہ اور ڈاکٹرز کو فوری طور پر تنخواہیں ادا کرنے اور پی او آر ہولڈرز کی وطن واپسی کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری آفسران عوام کی خدمت اور ان کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ اپنے فرائض منصبی ایمانداری اور عوام کی خدمت سمجھ کر سرانجام دیں تاکہ لوگوں کے مسائل بروقت حل ہوسکیں اور انہیں ریلیف مل سکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے مذکورہ خطاب عوام کی امنگوں کا اظہار ہے۔ جس میں انہوں نے سرکاری آفیسران کو عوام کی خدمت اور ان کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کا کہا ہے۔ جو کہ بہت ہی اہم بات ہے کیونکہ عوام کو سرکاری دفاتر میں کوئی بھی کام کروانے کے لیے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان کو ایک چھوٹے سے کام کے لیے کئی روز دفاتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں۔ اس سے عوام کی یہ مشکل حل ہوگی۔ جہاں تک اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کی بات ہے تو یہ صورتحال تو بہت ہی خراب ہوتی جارہی ہے۔ صوبے میں اشیاء خوردونوش کی خودساختہ قیمتوں نے عوام کی قوت خرید کو مفلوج کر رکھا ہے۔ دیگر اہم اشیاء کے علاوہ آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے چونکہ آٹا ایسی بنیادی ضرورت کی شے ہے جو ہر انسان چاہے وہ غریب ہو یا امیر سب کی ضرورت ہے۔ اس لیے اس کی قیمتوں میں استحکام لانا بہت ضروری ہے اور اس میں ملوث عناصر جو مختلف مافیاز کی صورت میں موجود ہیں کے خلاف سخت کاروائی کرنی چاہیئے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 26

# بلوچستان حکومت کا تعلیم وصحت کے شعبوں کی بہتری کیلئے اقدامات، عوامی ترقی وخوشحالی ترجیح!

تعلیم اور صحت کی سہولیات معاشرے اور ملک کی ترقی کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہیں اور صحتمند معاشرہ ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے لازم ہے۔ بلوچستان جیسے پسماندہ اور غربت کے لحاظ سے متاثرہ خطے میں انسانی وسائل پر زیادہ سے زیادہ توجہ انتہائی ضروری ہے۔ تعلیم کے ذریعے ہی بلوچستان میں بڑی تبدیلی لائی جاسکتی ہے، نوجوانوں کو جدید تعلیم دے کر اور انہیں ہنر مند بنا کر ان کیلئے روزگار کے بہترین پیدا کیے جاسکتے ہیں جو مختلف شعبوں سے منسلک ہوکر صوبے کی خدمت اور ترقی کے عمل میں اپنا مرکزی کردار ادا کرینگے۔ حالانکہ محدود وسائل، اعلیٰ تعلیمی اداروں کی کمی کے باوجود بھی بلوچستان کے نوجوان محنت ولگن کے ساتھ تعلیمی میدان میں اپنا لوہا منوا رہے ہیں، بلوچستان سمیت دیگر صوبوں کے بڑے تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ بلوچستان کے نوجوان نہ صرف اپنے شاندار مستقبل بلکہ معاشرے میں ترقی وخوشحالی کیلئے پرعزم ہیں۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں بہترین سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، بیرونی ممالک میں انہیں اسکالرشپ فراہم کرکے دنیا کی بڑی یونیورسٹیوں میں اعلیٰ تعلیم دلانے کیلئے اپنا کردار ادا کررہی ہے تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل تابناک ہو۔ اس کے علاوہ صحت کے حوالے سے بھی عالمی اداروں کی شراکت داری سے بلوچستان حکومت دن رات محنت کررہی ہے تاکہ پسماندہ اور غریب عوام کو صحت کی بہترین سہولیات میسر آسکیں۔ بلوچستان میں صحت کے شعبے میں مسائل بہت زیادہ ہیں جن میں اصلاحات وبہتری لائی جارہی ہے تاکہ غریب عوام کو مفت اور بہترین طبی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیم وصحت کے شعبوں پر خصوصی توجہ انقلابی اقدام ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گزشتہ روز پاکستان میں یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں پولیو، روٹین ایمونائزیشن، تعلیم اور صحت کے شعبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران موثر باہمی رابطہ کاری کے ذریعے فلاح عامہ کے اقدامات کو بارآور بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ یونیسف کی جانب سے محکمہ صحت کے اسٹاف کی تکنیکی معاونت اور استعداد کار بڑھانے کے لیے تربیت کی پیشکش کی گئی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں صحت اور تعلیم سمیت عوامی سہولیات کے منصوبوں میں عالمی پارٹنرز کے تعاون کو سراہتے ہیں، پولیو کے خاتمے اور روٹین ایمونائزیشن کی مہم کو مزید موثر بنایا گیا ہے۔ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بڑے پیمانے پر اصلاحات لارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پرائمری ہیلتھ کیئر کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں، صحت وتعلیم کے شعبوں میں افرادی قوت کی کمی پوری کرنے کے لیے کنٹریکٹ بھرتیاں جاری ہیں، گزشتہ ایک سال میں 3200 بند اسکول فعال کیے گئے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ رواں سال کے دوران مزید 1200 نئے کمیونٹی اسکول قائم کریں گے، پرعزم ہیں کہ سال کے اختتام تک کوئی اسکول بند نہیں رہے گا۔ یونیسف کی کنٹری ریپریزنٹیٹو پرنیلے آئرن سائیڈ کا کہنا تھا کہ یونیسیف بلوچستان حکومت کے ساتھ صحت وتعلیم میں تعاون جاری رکھے گا، بلوچستان میں بچوں کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔ بہرحال بلوچستان میں ماضی کی نسبت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں واضح بہتری نظر آرہی ہے، یونیسیف سمیت دیگر اداروں کے ساتھ ملکر مختلف شعبوں پر کام کیا جارہا ہے جس کا بنیادی مقصد بلوچستان کے عوام کے مسائل کو کم اور انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرنا ہے، ساتھ ہی روزگار سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں پر بھی کام جاری ہے جس سے آنے والے سالوں میں بلوچستان میں ترقی وخوشحالی واضح نظر آئے گی۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 5
Dated: 03 SEP 2025 Page No. 28

# Prevailing uncertainty

Despite the claims of the Balochistan provincial government, the law and order situation in the province is not coming under control, due to which a sense of insecurity has been prevailing throughout the province. Undoubtedly, the law and order situation in Balochistan is a matter of profound concern, and it is clear that the province is trapped in a cycle of instability. The persistent incidents of terrorist attacks on security forces and civilians are a grim and unfortunate reality that speaks to a deeper malaise. These acts of violence not only put the lives of our brave personnel at risk but also contribute to a pervasive sense of fear and insecurity among the general populace. The situation on the highways, once arteries of commerce and travel, has become precarious, forcing the government to ban night-time bus travel, a measure that, while understandable from a security perspective, highlights the gravity of the threat. The regular attacks on trucks transporting valuable minerals further underscore the economic cost of this deteriorating environment. Balochistan was already lagging far behind in the race of development but the current situation has further augmented poverty and misery for the general public. While the provincial government has been vocal about the challenges, the public has yet to see a corresponding display of tangible, pragmatic action. Rhetoric, unfortunately, does not translate into improved security or a greater sense of stability on the ground. A crucial element missing from the current approach is a genuine effort to create an atmosphere conducive to dialogue and political resolution. Ignoring the underlying issues that fuel this unrest will only allow the cycle of violence and uncertainty to perpetuate. Without a concerted effort to address grievances and open channels for communication, the path to peace will remain elusive.

It is now more essential than ever that the federal government takes a serious and proactive role in addressing the crisis. The security and peace of Balochistan are not just an internal provincial matter; they are inextricably linked to the prosperity and stability of the entire country. A comprehensive strategy that combines robust security measures with a sincere political process is required. This must involve practical steps to engage all stakeholders and address the root causes of the conflict. Only through a unified and committed approach can long-lasting peace be achieved and the atmosphere of uncertainty be replaced with one of hope and progress for the people of Balochistan and the nation as a whole.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

Dated: 03 SEP 2025 Page No. 29

# اپنی جماعتوں سے نالاں سیاسی کارکن سراپا احتجاج بن گئے





کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

بلوچستان میں برسر اقتدار بڑی سیاسی جماعتوں پی پی پی اور ن لیگ کے پرانے کارکن صوبائی قیادت، وزراء اور مشیروں کے رویوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ ان کارکنوں نے میڈیا میں بیان بازی کے علاوہ احتجاج کا راستہ بھی اپنانے کا اعلان کیا ہے۔ پی پی پی اور ن لیگ کی بلوچستان میں مخلوط حکومت کو ڈیڑھ سال کا عرصہ ہوا ہے۔ اس دوران دونوں جماعتوں نے پارٹی کی صوبائی سطح پر تنظیم سازی میں کچھ وقت لیا۔ پی پی پی نے صوبائی صدر، جنرل سیکرٹری اور سیکرٹری اطلاعات کے تین عہدوں کا کافی مشاورت کے بعد اعلان کیا جب کہ باقی عہدوں اور ضلعی سطح پر پارٹی کی تنظیم سازی ابھی باقی ہے۔ ن لیگ بلوچستان میں اب تک تنظیم سازی نہیں کر پائی۔ دونوں جماعتوں کے پرانے کارکن شروع دن سے ہی بلوچستان میں پارٹی کی تنظیم سازی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اپنی اپنی جماعتوں کے وزیروں اور مشیروں کی جانب سے نظر انداز کرنے پر سخت نالاں ہیں۔

گزشتہ دنوں مسلم لیگ ن بلوچستان کے بعض ناراض پرانے کارکنوں نے، گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل، جو کہ پارٹی کے صوبائی صدر بھی ہیں، جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کے رویوں کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے کی کوشش کی لیکن پولیس نے انہیں یہ احتجاجی کیمپ لگانے نہیں دیا۔ احتجاجی کارکنان جن میں جہانگیر خروٹی، محمد سلیم پپو، شاہد کسی اور دیگر شامل تھے نے ایک پریس کانفرنس میں پارٹی کی صوبائی قیادت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے مرکزی قیادت سے مطالبہ کیا کہ ن لیگ بلوچستان میں فی الفور انتخابات کرائے جائیں اور نظریاتی کارکنوں کو نظر انداز کرنے کے عمل کو بند کیا جائے۔ ان کارکنوں کا کہنا تھا کہ وہ جلد ہی گورنر ہاؤس اور پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کا گھیراؤ کر کے دھرنا دیں گے اور یہ دھرنا اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ ان کے مطالبات تسلیم نہیں کئے جاتے۔

دوسری طرف پی پی پی بلوچستان میں بھی بعض نظریاتی کارکن مرکزی قیادت کے اس فیصلے



سے ناخوش دکھائی دیتے ہیں، جس میں صوبائی صدر اور جنرل سیکرٹری کا انتخاب کیا گیا ہے۔ پی پی پی بلوچستان کے اندر بھی دو سے تین گروپ کام کر رہے ہیں اور ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچنے میں لگے ہوئے ہیں۔ نظریاتی کارکن احتجاج کر رہے ہیں وہ پارٹی کے وزراء اور مشیروں کی کارکردگی سے نالاں ہیں۔ پارٹی کی مرکزی قیادت نے حکومتی سطح پر پارٹی کے جیالے سید اقبال شاہ کو وزیر اعلیٰ کا فوکل پرسن مقرر کیا ہے جو کہ پارٹی امور کے علاوہ کارکنوں کے مسائل کے حل کیلئے حکومتی سطح پر رابطے کا کام کر رہے ہیں لیکن بعض کارکن ان کی کارکردگی سے بھی مایوس ہیں۔ ان کا اس حوالے سے یہ موقف ہے کہ کارکنوں کے ساتھ "ٹرخالوجی پالیسی" اپنائی جا رہی ہے۔ پی پی پی میں آنے والے نئے ارکان اسمبلی جو کہ پارٹی کے کھاتے میں وزراء کی کرسی تک پہنچے ہیں وہ پارٹی کارکنوں کو کوئی اہمیت نہیں دیتے اور نہ ہی ان کے کام کرتے ہیں بلکہ ملاقات تک سے گریز کرتے ہیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق بلوچستان میں ان دونوں جماعتوں کے کارکن سخت مایوسی کا شکار ہیں اور اپنے حق کیلئے مجبوراً سڑکوں پر آ کر اپنی ہی حکومت کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ لیکن دونوں جماعتوں کی مرکزی قیادت مسلسل خاموش ہے۔

صوبے کی مخلوط حکومت میں تبدیلیوں خصوصاً



کابینہ میں ردوبدل کی باتیں ایک مرتبہ پھر سیاسی حلقوں میں زیر بحث ہیں۔ اس سے قبل بھی صوبائی کابینہ میں بعض وزراء کے محکموں میں ردوبدل اور بعض سے وزارتیں اور مشیروں کے عہدے واپس لینے کی بازگشت سنائی دے رہی تھی تاہم حکومتی ذرائع نے ایسی کسی بھی تبدیلی کی تردید کرتے ہوئے اگست کے بعد کا عندیہ دیا تھا۔ اب جب کہ اگست کا اختتام ہو گیا ہے ایسی باتوں نے پھر زور پکڑ لیا ہے تاہم حکومتی اطراف سے مسلسل خاموشی سے ایسی باتوں کو تقویت نہیں مل رہی۔ بعض ذرائع کا دعویٰ ہے کہ مسلم لیگ ن اور پی پی پی سے تعلق رکھنے والے غیر منتخب مشیروں کو جلد فارغ کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح صوبائی کابینہ میں بھی کچھ ردوبدل کا امکان ہے۔ ان ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ بلوچستان حکومت میں ماضی کی طرح اسپیشل اسسٹنٹ لئے جا سکتے ہیں، جن پر ماضی میں عدالت نے پابندی لگاتے ہوئے عہدوں سے فارغ کیا تھا لیکن یہ کہنا ابھی قبل از وقت ہے۔

سیاسی مبصرین کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں گڈ گورننس کے قیام کیلئے کوشاں ہیں لیکن وہ تنہا کاوشوں میں لگے ہوئے ہیں۔ ان کے پاس ٹیم کا فقدان ہے اور مختلف محکموں میں کرپشن کی ایسی داستانیں جنم لے رہی ہیں جن کی ماضی میں مثال نہیں ملتی۔ وزیروں اور مشیروں کی کارکردگی اس لئے بھی سوالیہ نشان بنتی جا رہی ہے کہ اس عمل میں ان کی مرضی شامل ہے جو کہ گڈ گورننس کے قیام میں ایک بڑی رکاوٹ بنتی جا رہی ہے اور موجودہ مخلوط حکومت کی نیک نامی کو بھی دھچکا لگانے کے مترادف ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق ن لیگ اور پی پی پی کی مرکزی قیادت کو اس بات پر بھی سوچنا ہو گا کہ بلوچستان میں حکومت کی نیک نامی اور بدنامی سے ان کی جماعتیں بھی بری الذمہ نہیں ہو سکتیں کیونکہ اس وقت مرکز اور بلوچستان دونوں میں ان کی جماعتوں کی مخلوط حکومتیں قائم ہیں۔ یہ تاریخ کا حصہ بھی بنے گا۔ اس صورتحال کے مستقبل کی سیاست پر اثرات مرتب ہوں گے۔ لہٰذا انہیں اپنی جماعتوں میں احتساب کا عمل شروع کرتے ہوئے کارکردگی اور نیک نامی کو بنیاد بنانا ہو گا ورنہ بلوچستان کی مستقبل کی سیاست میں دونوں جماعتوں کو عوامی غیض و غضب کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تاہم ان جماعتوں میں 2024ء کے انتخابات میں شامل ہونے والے الیکٹیبلز کو کوئی سیاسی نقصان نہیں ہو گا کیوں کہ یہ الیکٹیبلز کے نام پر برسر اقتدار آنے والی جماعت کا دامن دوبارہ پکڑ لیں گے اور حکومت کا حصہ بن کر اس جماعت کے نظریاتی ورکرز کے ساتھ بھی سابقہ جماعتوں کی طرح رویہ اپنائیں گے۔ ●

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated 03 SEP 2025 Page No.



کوئٹہ: بلوچستان اسمبلی [illegible] کی زیر صدارت صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



نصیرآباد: صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں سابق [illegible] رکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی کے والد کی وفات پر و دیگر واقعات میں شہید ہونے والوں کے لئے فاتحہ خوانی کی جا رہی ہے



[illegible] ترمیمی مسودہ قانون پیش کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اسمبلی اجلاس میں تحریک پیش کر رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر [illegible] اسمبلی اجلاس کے بعد ملاقات کرنے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو